Mr. Ahsan Iqbal Chaudry: The funds amounting to Rs. 130 Billion have been allocated for 200 projects in the federal PSDP 2024-25. The details of funds allocated for the Current Fiscal Year are tabulated below;

| Category | No. of Projects | Approved Cost | Expenditure 30.06.24 | Throw-forward 01.07.24 | Allocation 2024-25 |
|---|---|---|---|---|---|
| On-going | 183 | 1,395 | 381 | 1014 | 123 |
| New | 17 | 34 | - | 34 | 7 |
| **Total** | **200** | **1,429** | **381** | **1048** | **130** |

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔ ماشااللہ احسن اقبال صاحب میرے favouriteوزیر ہیں۔احسن اقبال صاحب آپ سے میرا سوال یہ ہے کہ کیاآپ نے یہ سوال پڑھا ہے اور اس کا جواب پڑھا ہے۔ میں نے آپ سے سوال میں پوچھا ہے، دوسرا تو جواب آپ نے دے دیا کہ on-going PSDP schemes 200ہیں جس کے 1429 billion rupeesمختص کیے گئے اور اب تک اس پر 381 billion, 1429 billionمیں سے خرچ کیے گئے۔ میں نے اس میں ایک اور partبھی آپ سے پوچھا تھا کہ initial and revised estimated cost.وہ columnاس میں نہیں ہے جو سب سے بڑاcorruptionکا گڑھ ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: یہ ہی سوال ہے میں سوال ہی کر رہا ہوں اور میں کوئی کہانی تو نہیں سنا رہاسوال ہی کر رہا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: میرا سوال آپ سے یہ ہے کہ ایک تو مجھے مکمل جواب نہیں دیا گیا۔ دوسرا میراآپ سے سوال ہے کہ آپ دیکھیں میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ Dualization and Improvement of N-50 from...اس کا76ارب کا منصوبہ ہے اس کے لیے 10ارب روپے رکھے جاتے ہیں۔10ارب روپے رکھے جاتے ہیں اور 8ارب روپے sanctionہوتے ہیں۔اسی طرح سے 2017 سے چل رہا ہےBesima Khuzdarاس کے لیے total 4.5کروڑ روپے releaseہوئے ہیں اور اس دفعہ 4.5 کروڑ کی allocationہے۔ یہ ہمارے ساتھ مذاق ہے ہماری book launching ceremonyتھی تو احسن اقبال صاحب نے کہا تھا کہ بلوچستان میں معلوم نہیں لاکھوں، اربوں ، کھربوں کے منصوبے ہیں، یہ سب [***] ہے اور اس کے علاوہ احسن اقبال صاحب آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ [***][1] کا لفظ کارروائی سے نکالا جاتا ہے اس کو expungeکیا جاتا ہے۔

---

[1] [*Words expunged as ordered by Mr. Acting Chairman*]

سینیٹر دنیش کمار: یہ construction of road from Lehri to Zehri Lotiتک ہے یہ 2011کا منصوبہ ہے۔ CDWPآپ دیکھیں2011اور آج اس کو 13 yearsہو رہے ہیں، 13 years میں ابھی تک مکمل نہیں ہوا۔ اسی طرح سے 2009کا ہے construction of road from Sui to Uch 2009کا منصوبہ ابھی تک on goingہے۔ یہ ہمارے حکمرانوں کی، ہمارے پروفیسر صاحبان کی بلوچستان کے ساتھ یہ سلوک ہے۔ میرا پہلے تو یہ سوال ہے کہ میرے سوال کا پورا جواب کیوں نہیں دیا گیااور 2009سے ہمارے منصوبے رل رہے ہیں اور اگر آپ مزید آگے آئیں تو بہت سے departmentsمیں allocation zero, zero, zeroلکھی ہوئی ہے۔ خدارااا بھی آپ نے کہا کہ House of the Federationہے اگرآپ کو House of the Federationکا خیال ہے تو آپ آج یہاں اعلان کریں کہ بلوچستان کے جو پرانے منصوبے رل رہے ہیں وہ آپ نے اپنے tenureمیں مکمل کرنے ہیں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی احسن صاحب۔

جناب احسن اقبال چوہدری: انتہائی قابل احترام، محترم اور بہت ہی پرجوش سینیٹر دنیش کمار سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس سوال کے بابت انہوں نے سارے سوالات کیے ہیں وہ اگلا سوال ہے جو ابھی آنا ہے۔ ابھی جو سوال زیر موضوع ہے وہ 49-Aہے اور میں وہ پڑھ دیتا ہوں کہ سوال کیا ہے۔

Will the Minister for Planning, Development and Special Initiatives be pleased to state the details of funds proposed to be allocated in PSDP for the development projects in Balochistan for the financial year 2024-25?

اس بابت انہوں نے ابھی جو اتنے سوالات کی بوچھاڑ کی ہے۔ وہ سوال ابھی اگلے سوال میں آنے ہے۔ لٰہذا اگر ان دونوں سوالوں کو clubکرتے ہیں تو میں ان کو جواب دے دیتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، clubکر لیں۔

جناب احسن اقبال چوہدری: بہرحال میرے فاضل سینیٹر صاحب کا جو concernہے میں اس کو appreciateکرتا ہوں۔ یہ concern ہم سب کا ہے۔ ہم سب اس بات کو اپنی قومی

ذمہ داری سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کے لیے اس کے حصے سے زیادہ وسائل ہم نے فراہم کرنے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہی وجہ ہے۔ اگر آپ دیکھیں کہ پچھلے چند سالوں میں، 2019 میں بلوچستان کو جو allocation ہوئی وہ 57ارب روپے کی تھی۔ 21-2020 میں 80ارب روپے کی تھی۔ 22-2021 میں 99ارب روپے کی تھی اور 23-2022 میں 84ارب روپے کی تھی۔ جب ہم نے اپریل کے بعد حکومت سنبھالی اور 24-2023 کی PSDP بنائی تو اسی قومی جذبے کے تحت اس 84ارب روپے کی allocation جو کہ PSDP میں تھی اس کو 126ارب روپے کر دیا گویا کہ ایک سال میں 50% اضافہ کیا اور گزشتہ سال اگر کسی صوبے کی highest PSDP allocation تھی تو وہ بلوچستان کے لیے تھی۔ اسی طرح اس سال بھی 130ارب روپے کے مختلف منصوبوں کے لیے allocations رکھی گئی ہیں۔

جناب چیئرمین! اب ان کی جو شکایت ہے۔ وزارت منصوبہ بندی کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ development budget کی book-keeping کرتی ہے۔ جس وزارت کے portfolios کے منصوبے ہوتے ہیں ان کو one line transfer کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد جو متعلقہ وزارت ہے وہ اس پر عمل درآمد کی ذمہ دار ہے۔ اس کے عمل درآمد کے اندر کئی مرتبہ جو مشکلات ہوتی ہیں وہ یہ ہیں کہ کہیں litigations آجاتی ہیں اور کہیں زمین کی دستیابی نہیں ہوتی یا کوئی اور contractual چیزیں ہوتی ہیں جس کی وجہ سے اکثر ہم allocation کر دیتے ہیں تو وہ کام شروع نہیں ہو سکتا یا پھر ان مشکلات کی وجہ سے وہ وزارت allocation کم مانگتی ہے لیکن ہر وزارت کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ منصوبوں کی اہمیت اور ان کے کام کی رفتار کے پیش نظر allocations کو re-appropriate کر سکتی ہے۔ تو لہٰذا، اگر ان کا سوال کچھ شاہراہوں کے بارے میں ہے تو میرے خیال میں انہیں وزارت مواصلات سے پوچھنا چاہیے کہ ان کی اس portfolio کی بابت اگر رفتار درست نہیں تو وہ وزارت ہم سے بہتر جواب دے سکتی ہے۔ ہم تو یہ کر سکتے ہیں کہ بلوچستان کے لیے allocations باقی صوبوں سے زیادہ کریں۔ مجھے خوشی ہے کہ ہم نے گزشتہ ایک سال کے بجٹ میں 50 فیصد بڑھایا ہے۔ ہم نے تقریباً 84 ارب روپے سے بڑھا کر 126ارب روپے کر دیا ہے اور اس سال 130ارب روپے کی allocation رکھی ہے۔

اسی طرح جب بھی بلوچستان کے لیے کوئی منصوبہ ہمارے پاس منظوری کے لیے آتا ہے ہم اسے بہت تیزی کے ساتھ منظور کرتے ہیں لیکن اس پر عمل درآمد کی ذمہ داری متعلقہ وزارت کی ہوتی ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: آپ کے کہنے سے ہم یہ سمجھ جائیں کہ جتنی بھی وزارتیں ہیں ان کو جو آپ فنڈز دیتے ہیں ان پر آپ کی کوئی oversight نہیں ہوتی۔ ٹھیک ہے۔ ایک بات۔

دوسری بات یہ ہے کہ جب ہم نے National Highway Authority سے یہی سوال پوچھا تو وہ کہتے ہیں کہ جو allocation ہمیں ہوئی ہے اس پر ہم نے کام کیا ہے۔ اگر ہمیں allocation زیادہ دیں گے تو کام بھی زیادہ کریں گے۔ جناب چیئرمین! میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ جب آپ کے budget میں allocation zero zero ہے تو وہ کہاں سے یہ کام مکمل کریں۔ اس لیے تو میں یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ آپ کی کوئی oversight نہیں ہے۔ یہ بات آپ on the floor کہہ رہے ہیں؟

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، منسٹر صاحب۔

جناب احسن اقبال چوہدری: جناب چیئرمین! انہوں نے جو بات کی ہے یہ ایک بڑا قومی المیہ ہے۔ تقریباً آج سے دس پندرہ سال پہلے تک قومی ترقیاتی بجٹ کا حجم ہمارے جو current اخراجات ہیں اس کا 14 فیصد ہوتا تھا۔ جو وسائل کی کمی ہمیں درپیش ہے۔ اب PSDP حجم 14 فیصد سے گر کر 4 فیصد رہ گیا۔ اس 4 فیصد حجم میں بھی 40 فیصد منصوبے صوبائی نوعیت کے شامل ہوگئے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ اب وفاقی حکومت کے پاس اتنے فنڈز نہیں ہیں کہ اس نے جو میگاپراجیکٹس مکمل کرنے ہیں ان کے لیے بھی فنڈز دستیاب نہیں ہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہی ہے۔ میں آپ کو ایک اور مثال دیتا ہوں کہ 2013 میں جب ہم حکومت میں آئے تو ترقیاتی بجٹ کا حجم 340 ارب روپے تھا۔ 2018 میں جب ہم نے حکومت چھوڑی ہے تو ہم اس کو ایک ہزار ارب کی سطح پر چھوڑ کر گئے تھے۔ جب ہم چار سال کے بعد حکومت میں آئے تو یہ حجم سکڑ کر تقریباً 850 ارب روپے رہ چکا تھا۔ آج 2024 میں ہم بمشکل 1100 ارب روپے پر لے آئے ہیں۔ آپ اگر یہ دیکھیں کہ 2024 کے 1100 ارب روپے، 2018 کے ایک ہزار ارب روپے کے مقابلے میں ان کی کیا real value ہے، یہ بمشکل 400 ارب روپے کی ہوگی۔ ہم نے اس بات کو دیکھنا ہے کہ ہم اپنے وسائل کو کیسے بڑھائیں؟ میں اس ہاؤس کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ دیکھیئے۔ اب ایک بڑی غیر معمولی

صورت حال ہے۔ وفاقی حکومت کے کل محاصل سے صوبوں کا حصہ نکالنے کے بعد ان میں سے 10 ہزار ارب روپے وفاقی حکومت کے پاس آتے ہیں۔ وفاقی حکومت کی جیب میں کل 10ہزار ارب روپے آتے ہیں۔ صرف قرضوں کی ادائیگی کا حجم 10ہزار ارب روپے کا ہے۔ جتنا پیسا اکھٹا ہوتا ہے وہ سب کا سب قرضوں کی ادائیگی میں جاکر ختم ہو جاتا ہے اور صفر کا ہندسہ ہمارے پاس رہ جاتا ہے۔ لہٰذا، چاہے وہ ترقیاتی بجٹ ہے، چاہے وہ تنخواہیں ہیں، چاہے وہ پنشن ہے، چاہے وہ ملکی دفاع ہے، چاہے وہ subsidies ہیں یا چاہے وہ صوبوں کو رقم کی منتقلی ہے تو ان سب کے لیے ہمیں مزید ادھار لینا پڑتا ہے۔ یہ چیز sustainable نہیں ہے۔ اسی لیے حکومت کی پوری توجہ اس طرف مرکوز ہے کہ ہم taxation reforms کے ذریعے tax leakage کو ختم کریں اور اپنی tax to GDP ratio کو بڑھائیں۔ جن ممالک میں معیشت کامیاب ہے وہاں پر کم سے کم tax to GDP ratio 16% سے 18% ہے۔ ہماری یہ ratio 10% ہے۔ ہم اس طرح اب مفت میں حکومت نہیں چلا سکتے۔ ہم سب نے مل کر اب حکومتی وسائل میں اضافہ کرنا ہے۔ اپنے اخراجات پر بھی قابو پانا ہے تاکہ فاضل وسائل ہوں تو یہ سب ترقیاتی منصوبے جلد ہی مکمل ہو سکیں گے لیکن جب وفاقی ترقیاتی بجٹ کا حجم سکڑتا جائے گا۔ تو یقیناً یہی شکایات ہوں گی کہ ہر پروجیکٹ under funded ہوگا۔ جب یہ projects under funded ہوں گے تو ان کی cost over run ہو گی۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو کہ ہمیں ورثے میں ملی ہیں۔ جیسا کہ میں نے کہا کہ ہم نے 2018 میں ایک ہزار ارب روپے کا ترقیاتی بجٹ چھوڑا تھا۔ اگر اس رفتار سے ہماری معیشت چلتی رہتی تو آج ترقیاتی بجٹ کا حجم تین ہزار ارب روپے کا ہوتا۔ چھ سال کے بعد بھی ہم 1100ارب روپے پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اصل مسئلہ یہی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس حوالے سے کسی کا ضمنی سوال ہے؟ جی، کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: وزیر صاحب نے یہ فرمایا کہ بلوچستان کے جو فنڈز ہیں باوجود deserve نہ کرنے کے وہ ہر سال بڑھا دیے جاتے ہیں۔ میں باوجود deserve نہ کرنے کے فنڈز بڑھانے پر میں ان کا بڑا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ان کو بہت appreciate کرتا ہوں مگر اس کے ساتھ ساتھ جو ہمارے فنڈز بڑھاتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں ایسے بچوں کی حکومت

بنواتے ہیں جو بھی ان کو allocate ہوتا ہے وہ بھی واپس کر دیتے ہیں۔ تو ان بچوں کا بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں جو بچے اچھے بچوں کی طرح پیسے اماں کو واپس کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ پیسے مجھے ابا نے دیے تھے یہ میں واپس کر دیتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: کامران صاحب! سوال کریں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! سوال یہ ہے کہ یہ ہمیں fund allocate کرتے ہیں اور وہ پیسے بھی ہم ان کو واپس کر دیتے ہیں۔ 2009 میں ایک منصوبہ شروع ہوتا ہے اور وہ 2024 تک مکمل نہیں ہوتا اور اس کی انہوں نے ایک وجہ بتائی ہے کہ litigation ہے یا کہیں پر زمین دستیاب نہیں ہے۔ چلیں، litigation کو تو ہم نہیں دیکھ سکتے اس کا تو فیصلہ ہو جائے گا لیکن زمین کا دستیاب نہ ہونا یہ تو منصوبہ شروع ہونے سے پہلے یہ معاملہ settle ہو جاتا ہے کہ زمین دستیاب ہے یا نہیں ہے۔ State کے خلاف خواہ مخواہ ایسی litigation شروع نہیں ہو جاتی یا اس میں خواہ مخواہ stay نہیں ہو جاتا۔ آپ اس کو دیکھیے۔ گوجرانوالہ کا علاقہ ہو یا یہاں سے کسی اچھے دوست کا یا کسی بڑے لیڈر کا علاقہ ہو۔

اس کی constituency ہو تو وہاں اسی حجم کا منصوبہ چار سال میں مکمل ہو جاتا ہے جبکہ ہمارے ہاں پچیس سالوں میں بھی مکمل نہیں ہوتا تو یہ discrimination نہ صرف نظر آتی ہے بلکہ اسے لوگ feel کرتے ہیں۔ وہاں کے جو حالات ہیں، شاید اسی وجہ سے ہیں کہ یہ چیز ہمیں نظر آ رہی ہے۔ اب یہ جو دور ہے، اس میں مزید اسے چھپایا نہیں جا سکتا۔ اس پر نظر ڈالیں کہ 2009 سے شروع ہونے والا معاملہ کس طرح 2025 تک جا سکتا ہے۔ اس کے برعکس آپ کے ہاں پنجاب میں شروع ہونے والے منصوبے، چکوال میں جو اس سے بڑے منصوبے شروع ہوتے تھے، چار سالوں میں مکمل ہو جاتے تھے۔ یہ محض دو سال پہلے کی صورتحال ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: چوہدری صاحب۔

جناب احسن اقبال چوہدری: جناب ڈپٹی چیئرمین! انہوں نے again ایک بڑے اہم موضوع کی طرف توجہ دلائی ہے۔ جب یہ اٹھارھویں ترمیم ہو رہی تھی، میں نے اس وقت بھی اس کمیٹی میں یہ بات اٹھائی تھی کہ جہاں ہم devolution کر رہے ہیں، ہمیں federating units میں capacity building کو بھی دیکھنا چاہیے تاکہ ان اختیارات کے ساتھ اگر ہم نے

capacity building پر توجہ نہ دی تو جس devolution کے ذریعے ہم federation کو مضبوط کرنا چاہ رہے ہیں، وہ devolution, federation کی کمزوری کا باعث بن جائے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جس صوبے کی صلاحیت بہتر ہوگی، وہ ایک دم تیزی سے ترقی کرے گا اور جس صوبے کی صلاحیت کم تر ہوگی، وہ نیچے بیٹھ جائے گا۔ اس سے پھر ایک عدم تفاوت اور آپس میں بدگمانیاں پیدا ہوں گی۔ میں آپ کو ایک اور مثال دینا چاہتا ہوں۔ میں نے اپنے پچھلے دور میں ایک study کروائی تھی جس کی exact تفصیل مجھے یاد نہیں لیکن اس کی درجہ بندی تقریباً یاد ہے۔ ایک صوبے میں اگر ہسپتال کی بیڈ شیٹ 100 روپے کی آ رہی تھی تو دوسرے صوبے میں وہی بیڈ شیٹ 100 کی بجائے تقریباً 300 کی تھی۔ ایک تیسرے صوبے میں وہ 500 کی تھی۔ ایک چوتھے صوبے میں وہ 2,500 کی تھی۔ اب یہ جو قیمتوں کا فرق ہے، یہ ان صوبوں کی انتظامی صلاحیت اور وہاں پر pilferage کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔

میں آپ کو ایک اور مثال دیتا ہوں کہ کوئٹہ کے لیے، وفاقی حکومت کے بجٹ سے واٹر سپلائی کی مد میں 10 ارب روپے جاری کیے گئے۔ 10 ارب روپے کوئی معمولی رقم نہیں ہے۔ جب ہم نے اس کے بعد جا کر پڑتال کی تو پتا چلا کہ وہاں 10 ارب کے نہ تو کہیں پائپ کا نشان ہے اور نہ کسی کو پتا ہے کہ وہ پیسے کدھر گئے ہیں، زمین نگل گئی ہے یا آسمان کھا گیا ہے۔ ان 10 ارب روپے کا کوئی پتا نہیں لیکن وفاقی حکومت نے 10 ارب روپے دیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں پر کہا جاتا ہے وسائل دیے جائیں، اب وفاقی حکومت، صوبائی انتظامی صلاحیت کو improve نہیں کر سکتی۔ وہ وہاں کے نمائندوں کا کام ہے کہ اپنی صوبائی انتظامیہ کی نگرانی کریں اور اس کے ذریعے اس بات کو یقینی بنائیں کہ جو value for money ہے، اس کو ہم realize کر سکیں۔ اگر وسائل جائیں گے لیکن ان کا استعمال نہیں ہو سکے گا تو پھر صورتحال کیسے بہتر ہوگی۔ ویسے on the lighter side میں اکثر بلوچستان کے دوستوں سے یہ بھی کہتا ہوں کہ مجھے بحیثیت وزیر منصوبہ بندی جو مشاہرہ ملتا ہے، وہ شاید چوتھا حصہ ہے جو بلوچستان کے صوبائی وزیر کو ملتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اگلے سوال پر آ جائیں۔ سینیٹر ایمل ولی صاحب۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ اٹھارھویں ترمیم اور devolution of power کی بات ہوئی۔ میں منسٹر صاحب سے اتنی request کروں گا کہ اس ہاؤس کو ذرا بتایا

جائے کہ اٹھارھویں ترمیم پر کتنا عمل ہوا ہے؟ Power کی devolution کی بات ہو رہی ہے، صوبوں کو کتنے اختیارات کی منتقلی ہوئی ہے؟ اس کی تفصیل بھی دی جائے۔ پھر چونکہ الزام اٹھارھویں ترمیم پر لگا دیا گیا ہے، ذرا یہ تفصیل بھی دے دیں کہ اٹھارھویں آئینی ترمیم کے تحت پختونخوا صوبے کا جو حق یا حصہ بنتا ہے، جب بات ہوئی ہے تو اس حوالے سے ضمنی سوال تو پوچھیں گے، آپ کو سوال کیوں برا لگ رہا ہے؟

جناب قائم مقام چیئرمین: نہیں نہیں۔ آپ پلیز بات کریں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب! ہمیں یہ بتا دیں کہ بجلی کی مد میں جو پختونخوا کا حق بنتا ہے، اس میں سے کتنا دیا ہے۔ اگر تفصیل مل جائے تو مناسب ہوگا، باقی جو پنجاب کی قسمت ہے وہ اٹھارھویں ترمیم سے پہلے بھی چمکی ہوئی تھی اور بعد میں بھی چمکی ہوئی ہے لیکن جو باقی صوبے ہیں، وہ بے چارے رُل رہے ہوتے ہیں۔ وہ اٹھارویں ترمیم سے پہلے بھی رُل رہے تھے جبکہ اٹھارھویں ترمیم کو زبردستی کامیاب کر کے پھر بھی رُل رہے ہیں۔ اگر یہ تفصیل منسٹر صاحب دے دیں کہ اٹھارھویں ترمیم کے تحت جو powers devolve ہوئیں ہیں، وہ وزارتیں وفاق میں کیا کر رہی ہیں؟ وفاق میں تو آج بھی سب کی سب وزارتیں موجود ہیں۔ وفاق آج بھی Education تک چلا رہا ہے، نصاب تک دے رہا ہے تو اٹھارھویں ترمیم کی تفصیلات اور اس پر کتنا عمل ہوا ہے، یہ اس ہاؤس کو بتا دیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب احسن اقبال چوہدری: جناب! میں نے اٹھارھویں ترمیم پر اعتراض کیا ہے اور نہ تنقید کی ہے۔ میں نے صرف یہ کہا ہے کہ جب devolution کی گئی تو اس کے ساتھ اس بات کا بھی اتنا ہی ضروری ایک حق تھا کہ اس devolution کے ساتھ ساتھ صوبوں میں capacity building کی جائے تاکہ جو وسائل NFC سے آ رہے ہیں، جو انتظامی اختیارات آ رہے ہیں، اس سے بہتر service delivery ہو۔ اگر اس پر توجہ نہ دی گئی تو میں نے یہ کہا تھا کہ ان اختیارات کے ساتھ جو صوبے بہتر انتظامی صلاحیت کے ہوں گے، وہ تیزی سے آگے جائیں گے اور جن کے پاس انتظامی صلاحیت کم تر ہوگی، وہ پیچھے رہیں گے اور اس سے عدم تفاوت بڑھے گا۔ میں نے اس پہلو پر بات کی۔ جو devolution ہے، اٹھارھویں ترمیم کی کمیٹی کی نگرانی میں مکمل ہو گئی ہے۔ اب

اصل میں جو challenge ہے، وہ یہی ہے کہ اس devolution کے ذریعے ایک، صوبوں کی انتظامی صلاحیت کو بہتر کیا جائے۔ دوسری بات ہے کہ جو پہلے کہا جاتا تھا کہ ہمارا وفاق بڑا heavy ہے، top heavy حکومت ہے۔ وفاق نے جو سترہ محکمے devolve کیے، وہ سب آج صوبوں کے پاس چلے گئے ہیں اور صوبے top heavy ہوگئے ہیں۔ صوبوں نے جو districts کو اور نیچے local governments کو devolution کرنی تھی، اسے اب ہمارا موضوع ہونا چاہیے کہ ہم کس طرح صوبوں کی مرکزیت ختم کرکے districts کی سطح پر اور local governments کی سطح پر empower کریں۔ جب تک اس طرح کی empowerment نہیں ہوگی، یہ centralized صوبے بھی deliver نہیں کر سکیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر منظور کاکڑ صاحب۔ یہ آخری سوال ہے۔

سینیٹر منظور احمد: جناب! احسن اقبال صاحب جو منسٹر ہیں، ہمارے دل میں ان کا احترام ہے۔ ہم ان کی بہت عزت کرتے ہیں۔ ماشاءاللہ، وہ ایک intellectual ہیں اور کافی گہری نظر بھی رکھتے ہیں۔ چیئرمین صاحب! یہاں پر وہی بات آگئی اٹھارھویں ترمیم والی، ایمل ولی خان صاحب نے اس پر بات کی۔ جن 10 ارب روپے کا ذکر ہوا کہ ہم گئے اور ہم نے visit کیا یعنی بلوچستان کے جو نمائندے ہیں یا وہاں پر جو بیوروکریٹ ہیں، سب کرپٹ ہیں۔ میں نے ایک چیز اخذ کی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: انہوں نے تو یہ الفاظ ادا نہیں کیے۔

سینیٹر منظور احمد: جناب! میں نے یہ چیز اخذ کی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر مجھے یاد پڑتا ہے، یہ جو 10 ارب روپے تھے، یہ مشرف کے دور میں ہوئے تھے۔ اگر میں غلط نہیں ہوں تو اس کا جواب احسن اقبال صاحب دے دیں، ایک بات۔ دوسرا یہ کہ جو بلوچستان کی معدنیات ہیں، اس پر بھی میرے ساتھ بات کرلیں۔ بلوچستان کے ریکوڈیک منصوبے سے بلوچستان کو کتنا حصہ ملتا ہے، وفاق کو کتنا حصہ ملتا ہے۔ بلوچستان میں جو سی۔ پیک کا گوادر منصوبہ ہے، اس کا فنڈ بلوچستان کی بجائے، پنجاب میں جو خرچ ہوا، اس پر پھر آپ میرے ساتھ بات کرلیں۔ یہاں آپ نے 10 ارب روپے کی بات کی ہے۔ IPPs کی صورت میں جو آپ نے اس ملک کے لیے سفید ہاتھی بنایا تھا، سالانہ ہزاروں ارب روپے یا ڈالرز جو اس پر خرچ ہورہے ہیں، بجلی پیدا ہو یا نہ ہو، اس معاملے پر آپ میرے ساتھ

بات کرلیں۔ آپ نے بلوچستان کو صرف ایک موٹروے دی۔ کیا بلوچستان، وفاق کو حصہ نہیں دے رہا؟ کیا بلوچستان اس قابل نہیں ہے کہ وہاں پر آپ مجھے ایک موٹروے بنا کر دے دیں یا وہ معاملہ بھی کرپشن کی نذر ہو جائے گا۔ شکریہ جناب۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی احسن صاحب۔

جناب احسن اقبال چوہدری: پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم ایک unrelated debate میں چلے گئے ہیں۔ میں نے قطعاً کسی کو بھی کرپشن کا الزام نہیں دیا ہے بلکہ بحثیت نمائندہ، میں نے جس چیز کا ذکر کیا ہے، ان کو تو مجھ سے زیادہ اس بات کی فکر ہونی چاہیے کہ جو بلوچستان کے لیے پیسا جاتا ہے، وہ بلوچستان کے عوام کی فلاح اور بہبود کے لیے بہتر طریقے سے استعمال ہو۔ اگر کوئی میرے ضلع یا صوبے کے بارے میں یا پھر وزارت کے بارے میں کہے گا تو میں تو appreciate کروں گا۔ میں کہوں گا کہ اگر اس میں کوئی ایسی شکایت ہے تو یہ میرا فرض ہے کہ ہم اس کا ازالہ کریں اور اسے دیکھیں کہ وہ ٹھیک ہو۔ اس میں ہم قطعاً کسی کو الزام نہیں دے رہے۔ لیکن یہ بات کہہ رہے ہیں کہ 18ویں آئینی ترمیم کے بعد ہر صوبے میں service delivery and efficiency کا مقابلہ ہے۔ ہر صوبے کے نمائندوں کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی صوبائی انتظامی صلاحیت کو دوسرے صوبوں کے مقابلے میں بہتر بنانے کے لئے توجہ دیں اور اس کی نگرانی کریں تاکہ وہاں کے عوام کا نقصان نہ ہو۔ اس لئے میرا کسی پر قطعاً انگلی اٹھانے کا مقصد نہیں ہے۔ میں نے شروع میں کہا کہ یہ Prime Minister کا vision ہے، یہ ہماری بھی commitment and vision ہے اور یہ نواز شریف صاحب کا بھی vision تھا کہ ہم بلوچستان کی پسماندگی کو ترقی میں بدلیں۔ میں آپ کو بتاؤں کہ ہم نے اور میں نے خود وہاں پر سب سے زیادہ education پر focus کیا ہے۔ میں نے اپنے ہاتھوں سے نوشکی، پشین، وڈھ، خضدار اور گوادر میں campuses کے افتتاح کئے اور کسی اور صوبے میں اتنا نہیں کیا۔ ہم نے بلوچستان میں تعلیم کے منصوبوں کا جتنا جال بچھایا ہے، اتنا کسی اور صوبے میں نہیں بچھایا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان ترقی کرے۔ سینیٹر صاحب نے ابھی موٹروے کی بات کی۔ دیکھیے جو infrastructure ہے، یہ ہمیشہ درجوں کے ساتھ بنتا ہے۔ سینیٹر صاحب کو یاد ہوگا کہ کراچی، اسلام آباد اور راولپنڈی کی جو GT road ہے، میں نے بچپن میں اسے دیکھا تھا جب یہ ڈیڑھ رویہ سڑک تھی۔ ہمیں پھر بہت خوشی ہوئی

جب یہ ڈیڑھ رویہ سے دورویہ سڑک بنی۔ پھر کتنی دہائیوں تک یہ دورویہ رہی۔ اس کے بعد یہ ہوا کہ traffic کی ایک ایسی سطح آئی کہ بجائے اس دورویہ سڑک کی، وہاں متبادل طور پر موٹروے بنانے کی گنجائش پیدا ہوئی۔

جناب! پوری دنیا میں infrastructure درجہ بہ درجہ بنتی ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ آپ پہلے دن موٹروے سے ہی آغاز کریں۔ پہلے آپ highway بناتے ہیں۔ اس کے بعد expressway بناتے ہیں اور پھر موٹر وے پر جاتے ہیں۔ اس کی traffic viability پر ہوتی ہے۔ جوں، جوں traffic بڑھتی جاتی ہے، اس کی commercial viability بھی بڑھتی ہے۔ اس کے ساتھ آپ اسے جوڑتے ہیں۔ بلوچستان میں گوادر سے کوئٹہ تک دو دن کا سفر تھا۔ الحمدللہ ہماری حکومت کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ہم نے اپنے پچھلے دور میں 650 کلومیٹر سڑک بنائی جس سے گوادر سے کوئٹہ تک کا سفر 8 گھنٹے تک سکڑ گیا۔ میں اس بات کا شاہد ہوں کہ تربت، پنجگور، قلات اور کوئٹہ تک کا جو پورا axis ہے، اس سڑک کے بننے کے بعد اس میں کتنی ترقی ہوئی۔ اسی طرح بسیمہ-خضدار اور خضدار-رتوڈیرو سڑکوں کا جو سیکشن تھا، یہ کئی سالوں سے کاغذوں میں بند پڑا تھا۔ اسے ہم نے تیزی سے چلایا اور مکمل کیا۔ N70 جو بلوچستان اور پنجاب کے درمیان ایک راستہ ہے، اسے بھی ہم نے تیزی سے بنایا۔ بلوچستان میں وفاقی حکومت نے NHA کے ذریعے record سڑکیں بنائی ہیں جو کسی اور صوبے کے مقابلے میں آبادی اور رقبے کے لحاظ سے کم نہیں ہیں۔ We are committed اور ان شاءاللہ ہم بلوچستان کو مزید connectivity دیں گے۔ بلوچستان کی بدحالی کو دور کرنے کے لئے وفاقی حکومت اپنے وسائل کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لائے گی اور اس کے لئے .I want to assure Senator sahib شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر منظور احمد! تین ضمنی سوال ہوگئے۔ اگلا سوال نمبر 40۔ سینیٹر محمد اسلم ابڑو۔

*Question No. 40 Senator Muhammad Aslam Abro: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) whether it is a fact that different amount of tax is being charged from consumers on

payment on through cards (i.e 5%) and cash transactions by the retailers/ vendors, if so, the reasons thereof; and

(b) the details of POS software being used for maintaining record of cash-less and cash based transactions indicating also the measures taken/being taken by the Government to ensure transparency in point of sale invoicing system during the last one year?

Senator Muhammad Aurangzeb: (a) The rate of Sales Tax for consumers is 18% as provided under section 3 of the Sales Tax Act, 1990.

Restaurants and food chains are liable to pay Sales Tax on services to the Provincial Revenue Authorities (PRAs).

In the case of restaurants and food chains operating within Islamabad Capital Territory (ICT), Sales Tax is collected by FBR and rate of Sales Tax, on Services provided or rendered by restaurants including cafes, food cooked, prepared or ready-to-eat food service outlets is 15 % as provided under section 3(2) read with Table-I of the Islamabad Capital Territory (Tax On Services) Ordinance, 2001. The rate of Sales Tax on same services will be five percent (5%) where payment against such services is received through debit or credit cards, mobile wallets subject to the condition that no input tax adjustment or refund shall be admissible.

As far as reasons for reduced rate of 5% of sales tax on payments made through debit or credit cards are concerned, digital transactions contribute in

documentation of economy and discourage under reporting of sales.

(b) FBR requires Tier-1 retailers to connect their POS software with FBR's computerized system. In this regard, FBR has not developed its own POS software. Tier-I retailers are free to purchase POS software form open market to record cash less and cash based transactions. The transactions data is reported to the FBR POS System on real time basis.

To ensure transparency in POS invoicing system during the last one year, 122 business premises of Tier-1 retailers were sealed for committing violations of the POS related rules.

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحب موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر42۔ سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور۔

*Question No. 42 Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the percentage tax or bank charges levied on the foreign remittances?

Senator Muhammad Aurangzeb: The imposition of taxes is primarily regulated by the Federal Board of Revenue (FBR). FBR imposes no tax on home remittances sent from abroad. However, business proceeds coming in Pakistan as foreign remittance, as a result of business transactions, such as export proceeds are taxable. For export proceeds of goods and services there is 1% tax. For export proceeds of IT services, the tax rate is 0.25%.

Common practices related to bank charges and withholding taxes by financial institutions are as follows:

- There are no direct charges or taxes levied on incoming foreign remittances by domestic banks. It means that beneficiaries can receive funds from abroad without incurring any fee or tax from the financial institution.

Further, as per market information, a certain fee and value added tax (VAT) are charged on foreign remittance transaction from a remitter (i.e. sender from abroad). However, the home remittance transactions (equivalent USD 100 and above) processed through the GoP's rebate model are free from any charges and taxes.

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحبہ موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر 43۔ سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان۔

*Question No. 43 Senator Haji Hidayatullah Khan: Will the Minister for Science and Technology be pleased to state:

(a) the procedure prescribed for the investment by PSQCA; and

(b) the details of investments made by the said Authority during the last two years?

Dr. Khalid Maqbool Siddiqui: (a) In order to align the existing investment arrangement with Public Finance Management Act, 2019, Finance Division withdrew its approval for investment of surplus funds by autonomous bodies vide O.M. dated 18-05-2022 (Annex-A).

Earlier, Finance Division vide O.M. dated 02-07-2003 had allowed autonomous bodies under Federal Government to invest their surplus funds (Annex-B).

According to Section 23(2) of Public Finance Management Act, 2019, no authority shall transfer public moneys for investment without prior approval from the Federal Government (Annex-C).

Furthermore, Section 37(1) of the Act states that revenues collected by an autonomous entity, which arise from any Act or statutory instruments of the Federal Government, shall be deposited into the Treasury Single Account (TSA). Section 45 of the Act provides overriding effect over all other laws and any law inconsistent with the Act (Annex-D).

As per Finance Division's earlier directives, PSQCA has an Investment Committee (IC), which invites bids for competitive profit rates from scheduled banks, and invests its surplus funds into Term Deposit Receipts (TDRs) after approval of its Board of Directors (BoD).

PSQCA was directed to reply to the subject starred question; PSQCA's response is attached (Annex-E).

In compliance of Finance Division's revised directives, a request was forwarded to Finance Division for opening a special assignment account for PSQCA for deposit of all its revenue into Public Account of the Federation (PAF), forming part of TSA. Finance Division, however, requested approved Financial Rules of PSQCA to open the requisite account (Annex-F).

Draft Financial Rules of PSQCA are currently under process in Finance Division (Regulation Wing) for concurrence (Annex-G).

M/o S&T has issued instructions to PSQCA for strict compliance of directives of federal government and Finance Division (Annex-H).

Expecting approval of Finance Divisoin, PSQCA continues its previous practice of investment into TDRs. After opening of special assignment account by Finance Division, PSQCA will be directed to deposit all its revenue, and matured investments into the account.

(a) During Financial Year (2023-24) total investments against 09 TDRs issued by National Bank of Pakistan (NBP) was Rs. 6,679,919,434/-, and after deduction of tax/ zakat, net maturated amount came to Rs. 7,285,719,385/- (Annex-I).

(b) During Financial Year (2024-25) total matured amount of Rs. 7,318,989,927/- was invested with approval of the Board in 29th BoD held on 24-01-2024 in TDRs issued by National Bank of Pakistan for a period of one year @ 20.90% (Annex-J).

(Annexures have been Placed in Senate Library and on Table of the mover / concerned Member)

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحب موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر46۔ سینیٹر رانا محمود الحسن۔

*Question No. 46 Senator Rana Mahmood Ul Hassan: Will the Minister for Finance and Revenue be please to state whether it is a fact that ATM facility has not been provided at a branch of Allied Bank Limited, established at Sarai Kharboza, Tarnol Islamabad two years ago, if so,

the reasons thereof indicating also the time by which the same will be installed and made functional?

Senator Muhammad Aurangzeb: Allied Bank Limited (ABL) is a private Bank and the matter pertains to its commercial operations that do not fall in the purview of Finance division. Nevertheless, the response has been obtained from the Bank concerned which is as under:

In this regard, the Allied Bank Limited (ABL) has reported that the subject branch at Sarai Kharboza Tarnol Islamabad (Br. Code. 1485) was opened in August 2023 and installation of ATM will be completed by December 31, 2024. It is pertinent to mention that ATM facilities are also available in two nearby branches of ABL within the radius of 1 to 1.5 KM (0500 Tarnol Conventional Banking) and (05142 GT Road Sheikh Plaza- Islamic Banking) which are operational and serving the customers.

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحب موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر 47۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری۔

*Question No. 47 Senator Samina Mumtaz Zehri: Will the Minister for Science and Technology be pleased to state:

(a) whether it is a fact that according to section 8, sub-para (ix) of Pakistan Standards and Quality Control Authority Act 1996, the PSQCA Authority is mandated to conduct the examination of Manufacturing Plants for the designated products or process for approval of the marks of the Authority, if so the details of “designated products” by the authority at present;

(b) the details of manufacturing plants that have been examined by the said authority during the last three years indicating also the details of all the manufacturing plants in the country with area wise breakup; and

(c) the details of SOPs being adopted by the said authority while examining a manufacturing plant in this regard?

Dr. Khalid Maqbool Siddiqui: (a) Pakistan Standards & Quality Control Authority (PSQCA) being a National Standards Body of Pakistan, as per section 14 of PSQCA Act, 1996 is mandated to monitor the quality of products which fall under the mandatory list of PSQCA. currently 173 food and non-food Products are fall under its mandatory list. The list of 173 Mandatory Products is at Annex-A.

As per section 8(ix) of PSQCA Act 1996, PSQCA is mandated to examine the manufacturing plants for the designated products (mandatory items) in the country. Section 8(ix) of PSQCA Act,1996 is reproduced as under:

> "Examination of manufacturing plants for the designated products or processes for approval of marks of the Authority"

(b) The detail of PSQCA Registered Manufacturing Plants (Licensees) are attached at Annex-B.

(c) Pakistan Standards & Quality Control Authority (PSQCA) has complete mechanism under PSQCA Act VI,1996 and Pakistan Conformity Assessment Rule 2011 to check the quality of mandatory products as per relevant Pakistan Standards Specifications (PSS). Copy of

Pakistan Conformity Assessment Rules, 2011 is attached at Annex-C.

The quality of locally manufactured products in the country is regularly being checked and monitored by PSQCA through bi-annual inspections of the manufacturing units and market surveillance from time to time as per requirements of relevant Pakistan Standards Specifications (PSS).

(Annexures have been Placed in Senate Library and on Table of the mover / concerned Member)

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحبہ موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔
ہر وقت اپوزیشن کے دوستوں کا یہ گلہ رہتا ہے کہ منسٹر صاحبان نہیں آتے ہیں۔سوال کرنے والے سینیٹر صاحبان پچھلے17 یا 18دنوں سے ایوان میں نظر نہیں آرہے ہیں۔ سینیٹ point scoring کے لئے نہیں ہے۔ یہ House of the Federation ہے۔ اس کے ایک اجلاس پر بڑے اخراجات ہوتے ہیں۔ سوالات کے موقع پر سارے منسٹر صاحبان حاضر ہیں جب کہ سوال کرنے والے غائب ہیں۔ اگلا سوال نمبر48۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری۔

*Question No. 48 Senator Samina Mumtaz Zehri: Will the Minister for Science and Technology be pleased to state:

(a) whether it is a fact that according to section 8, sub-para (v) of Pakistan Standards and Quality Control Authority Act 1996, the PSQCA Authority is mandated to set up, establish and authorize inspection and testing centers in any area of the country having industrial establishments, sites or towns, if so, the number of such inspection and testing centers so far set up in Karachi and its adjacent

industrial areas that are functional at present; and

(b) the details of inspections and testings conducted by each of these centers during the last three years in the said industrial areas?

Dr. Khalid Maqbool Siddiqui: (a) Pakistan Standards & Quality Control Authority (PSQCA) is the National Standards Body of Pakistan. As per section 8(v) of PSQCA Act 1996, PSQCA is mandated to set up, establish and authorize inspection and testing centers in any area of the country having industrial establishments, sites or towns. Section 8(v) of PSQCA Act 1996 is reproduced as under:

"Setting up, assisting in, establishing and authorizing various inspection and testing centers and agencies at important industrial site and towns"

The detail of Conformity Assessment Offices / inspection centers is at Annex-A.

(b) The detail of Testing conducted by PSQCA for the last three years are attached as Annex-B.

Detail of Centers, Inspections carried out in last three years (Annex-A)

| S. No. | Name of CA offices / Inspection Centers | 2021 - 22 | 2022 - 23 | 2023 - 24 | TOTAL |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | C. A Regional Office, Karachi | 1715 | 1635 | 1825 | 5175 |
| 2 | C. A Liaison Office, Hyderabad | 193 | 207 | 205 | 605 |
| 3 | C. A Regional Office, Quetta & Sukkur | 169 | 161 | 154 | 484 |
| 4 | C. A Liaison Office, Hub | 94 | 75 | 102 | 271 |
| 5 | C. A Regional Office, Islamabad | | | | 369 |
| 6 | C. A Regional Office, Lahore | 2236 | 2498 | 2851 | 7585 |
| 7 | C. A Liaison Office, Gujranwala | | | | 227 |
| 8 | C. A Liaison Office,Faisalabad | 632 | 603 | 667 | 1902 |
| 9 | C. A Regional Office, Multan | 147 | 271 | 254 | 672 |
| 10 | C. A Regional Office, Peshawar | 502 | 510 | 597 | 1609 |
| 11 | C. A Liaison Office, Hattar | 425 | 387 | 399 | 1211 |
| 12 | C. A Liaison Office, Bahawalpur | 216 | 234 | 266 | 716 |
| | TOTAL INSPECTIONS | 6329 | 6581 | 7320 | 20826 |

Summary of Testing Details (Annex-B)

| S. No. | Name of Testing Laboratories / Testing Centers | 2021 - 22 | 2022 - 23 | 2023 - 24 | TOTAL |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | QCC KARACHI | 21219 | 19372 | 17338 | 57929 |
| 2 | QCC LAHORE | 5529 | 3907 | 2904 | 12340 |
| 3 | QCC PESHAWAR | 716 | 603 | 745 | 2064 |
| | TOTAL TESTING | 27464 | 23882 | 20987 | 72333 |

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحبہ موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر49۔ سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان۔

*Question No. 49 Senator Haji Hidayatullah Khan: Will the Minister for Industries and Production be pleased to state the names place of domicile and date of posting of the present Managing Director and General Managers of the Utility Stores Corporation indicating also the details of their visits of the utility stores in the provincial headquarters during the last six months separately?

Rana Tanveer Hussain: The detail of Names, place of domicile and date of posting of the present Managing Director and General Managers of USC is attached at Annex-A

(1)

Muhammad Ali Ammer (BPS-20), Managing Director visited various districts of Balochistan, Sindh, KPK & Gilgit Baltistan, in addition to all USC Zones of Punjab.

(2)

Mr. Sardar Muhammad Khan (BS-20), Sr. General Manager (Operations) visited various districts of Balochistan, Sindh, Punjab, KPK & Gilgit Baltistan.

It is pertinent to mention that after the deployment of ERP, maximum information with regards to inventory/stocks, sales, purchases are available in the system. Further, interaction with Zonal Manager is made by using I.T. Technology via video link on daily basis to seek updated information on availability of stocks and other important issues. By making interaction via video link, USC is acquiring desired information/reports on daily basis.

**Annex-A**

| Sr. No. | Name | Designation | Place of Domicile | Present Date of Posting |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Muhammad Ali Ammer | Managing Director | Punjab | 27-07-2022 |
| 2. | Mr. Inayat Ullah Daula | Sr. General Manager | Punjab | 04-07-2021 |
| 3. | Sardar Muhammad Khan | Sr. General Manager | Punjab | 20-08-2024 |
| 4. | Mr. Shakeel Ahmed | General Manager (IT) | KPK | 31-03-2015 |
| 5. | Muhammad Abid Akram Cheema | General Manager (Proc. Compliance) | Punjab | 19-05-2023 |
| 6. | Mr. Umar Riaz | General Manager (Finance) | AJK | 27-01-2023 |
| 7. | Mr. Kamal Mustafa | General Manager (M&B) | Sindh | 07-07-2022 |
| 8. | Mr. Ali Gul Bhutto | General Manager (Insurance) | Sindh | 03-08-2023 |
| 9. | Mr. Tariq Shamsher Akhtar | General Manager (Proc.) | Punjab | 06-06-2022 |
| 10. | Muhammad Arshad | General Manager (Vigilance) | Punjab | 20-09-2024 |
| 11. | Mr. Waqar Hussain | General Manager (Own Brand) | Punjab | 20-09-2024 |
| 12. | Muhammad Abdul Khaliq | General Manager | Punjab | 21-08-2024 |
| 13. | Mr. Rehan Afzal | General Manager (HR&A) | Punjab | 09-12-2022 |
| 14. | Muhammad Anwar | General Manager (P&D) | Punjab | 25-09-2024 |
| 15. | Mr. Qaiser Alam | General Manager (SO&S) | KPK | 20-08-2024 |
| 16. | Mr. Mazhar Alam Kaleem | Acting General Manager (Accounts) | Punjab | 23-06-2023 |
| 17. | Muhammad Ashfaq | Acting General Manager (Franchise) | Punjab | 21-08-2023 |
| 18. | Mr. Abid Hussain Abid | Acting General Manager (Audit) | Punjab | 23-06-2023 |
| 19. | Ms. Momina Khayal | Acting General Manager (Legal) | Punjab | 10-06-2021 |
| 20. | Mr. Israr Ahmed Cheema | Acting General Manager (Discipline & Inquiry) | Punjab | 06-10-2022 |

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحب موجود نہیں ہیں۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر 49-C۔ سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور۔

*Question No. 49-C Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the details of foreign remittances

received during the period from January, 2022 to July, 2024 with year wise breakup?

Senator Muhammad Aurangzeb: The details of foreign remittances received between January 2022 and July 2024, broken down by year, are outlined in the table below.

**Workers' Remittances** $Million

| Country | | Jan22-June22 | FY23 | FY24 | July-24 |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | USA | 1,593.7 | 3,167.8 | 3,531.2 | 300.1 |
| 2 | U.K. | 2,345.9 | 4,073.2 | 4,521.5 | 443.5 |
| 3 | Saudi Arabia | 3,720.1 | 6,532.8 | 7,424.2 | 760.1 |
| 4 | U.A.E. | 2,837.8 | 4,656.1 | 5,534.6 | 611.2 |
| 5 | Other GCC Countries | 1,818.8 | 3,198.0 | 3,180.4 | 288.4 |
| 6 | EU Countries | 1,611.4 | 3,133.7 | 3,531.4 | 350.8 |
| 7 | Other Countries | 1,543.8 | 2,571.2 | 2,527.5 | 239.9 |
| Total | | 15,471.6 | 27,332.8 | 30,250.8 | 2,994.0 |

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحبہ موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

اگلا سوال نمبر63-D۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری۔

*Question No. 63-D Senator Samina Mumtaz Zehri: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) whether it is a fact that tax free perks, benefits and allowances are admissible to the officers of BS 20-22 of the Federal Government, if so, the details thereof, indicating also the policy under which the same is admissible in each case; and

---

*@ Transfer from Establishment Division.*

(b) the details of tax exemptions granted to the officers of the BS 20-22 of the Federal Government under various heads for purchase of items or property during the last five years?

Senator Muhammad Aurangzeb: (a) Perks, benefits and allowances admissible to the officers of BS 20-22 of the Federal Government are not exempt from tax.

(b) No tax exemptions have been granted to the officers of BS 20-22 of the Federal Government during the last five years.

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر صاحبہ موجود نہیں ہیں۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔اگلا سوال نمبر 49-D۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ۔

Senator Zeeshan Khan Zada: Thank you, Mr. Chairman! Question No. 49-D.

*Question No. 49-D Senator Zeeshan Khanzada: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the impact of recent decline in inflation rate to 9.6% on the prices of food items and essential commodities?

Senator Muhammad Aurangzeb:

- PBS releases the data on inflation rate on monthly basis. The inflation rate which declined to 9.6% in August, 2024 has reached to 6.9% in September 2024 as compared to 31.4% in September 2023. The monthly inflation (CPI) is lowest in 44 months.
- CPI during July-September FY2025, stood at 9.2% against 29.0% last year.

- The decline in CPI indicates that the pace of inflation has decreased over 4 times compared to same month, last year.
- The prices of the following major food items and essential commodities have declined during the period.

| Items | Units | Weights | Prices in Rs. On | | %Change over |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 03.10.24 | 05.10.23 | 05.10.23 |
| Wheat Flour Bag | 20 Kg | 4.0 | 1793.6 | 2788 | -35.7 |
| Petrol Super | Per Litre | 6.7 | 248.2 | 324.5 | -23.5 |
| Hi-Speed Diesel | Per Litre | 0.1 | 247.5 | 319.2 | -22.5 |
| Chilies Powder | Each | 0.8 | 320 | 400 | -20.0 |
| Electricity Charges | Per Unit | 12.9 | 6.6 | 7.6 | -13.5 |
| Sugar | 1 Kg | 3.2 | 137.5 | 157.4 | -12.7 |
| Cooking Oil | 5 Litre | 3.1 | 2641 | 2958.8 | -10.7 |
| Rice Basmati | 1 Kg | 1.3 | 210.4 | 234.7 | -10.3 |
| Pulse Masoor | 1 Kg | 0.5 | 307.4 | 333.7 | -7.9 |
| Vegetable Ghee | 2.5 kg | 1.5 | 1316.6 | 1401.3 | -6.0 |
| Gur | 1 Kg | 0.1 | 219.1 | 232.3 | -5.7 |
| Rice IRRI | 1 Kg | 0.2 | 163.3 | 173 | -5.6 |
| Vegetable Ghee | 1 Kg | 1.5 | 513.7 | 542.9 | -5.4 |
| Bread plain | Each | 0.6 | 108.9 | 114.6 | -5.0 |
| LPG | Each | 1.4 | 3104.7 | 3232 | -3.9 |
| Mustard Oil | 1 Kg | 0 | 508.3 | 521.3 | -2.5 |
| Toilet Soap | Each | 0.7 | 107.6 | 109.9 | -2.1 |
| Sufi Washing Soap | Each | 0.6 | 128.9 | 130.4 | -1.1 |
| Tea | Each | 2.4 | 544.7 | 550.4 | -1.0 |
| Eggs | 1 Dozen | 1.4 | 300.1 | 300.3 | -0.1 |
| | | | | | **Source: PBS** |

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ کا ضمنی سوال کیا ہے؟

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب! اس سوال میں یہ پوچھا گیا ہے کہ اب مہنگائی کی شرح 9.6 فیصد تک آئی ہے تو اس کا کھانے پینے کی چیزوں اور دیگر اشیاء پر کیا اثر پڑا ہے۔ انہوں نے details دی ہیں لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ ہمیں سال 2023 کا بتایا گیا ہے۔ میرے خیال میں جواب میں سال 2022 کا بھی بتانا چاہیے تھا کیونکہ inflation کا تسلسل پچھلے دو، تین سال سے چل رہا ہے۔ میں منسٹر صاحب سے یہ بھی ضرور پوچھنا چاہوں گا کہ اگر حکومت یہ کہتی ہے کہ یہ ایک بڑی کامیابی ہے کہ وہ مہنگائی کو 9.6 فیصد تک لے کر آئے ہیں حالانکہ پی ٹی آئی کی حکومت میں مہنگائی کی شرح جو 12 فیصد تک پہنچی تھی تو اس وقت حکومت کے خلاف مہنگائی مارچ ہو رہے تھے۔ مہنگائی کی شرح تو 40 فیصد تک پہنچ گئی تھی اور اسے 9 فیصد تک لانا کوئی کامیابی نہیں ہے۔ میں اس لئے یہ پوچھنا چاہ رہا تھا کہ چیزوں کی قیمتوں پر کیا فرق پڑا ہے۔ جواب میں جو چارٹ دیا گیا ہے، اس میں کوئی 30 یا 40 فیصد کا ایسا کوئی فرق نہیں پڑا ہے بلکہ صرف 4 یا 5 فیصد فرق پڑا ہے۔ میرے خیال سے یہ کوئی کامیابی نہیں ہے۔ میں منسٹر صاحب سے یہی پوچھنا چاہوں گا کہ ابھی بھی جس تکلیف سے لوگ گزر رہے ہیں، ان کے لئے حکومت نے کیا سوچا ہے؟ حکومت ایسے کیا اقدامات کر رہی ہے؟ گندم کے حوالے سے۔۔۔

جناب قائم مقام چیئر مین: سوال پوچھیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: گندم کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پچھلے سال اس میں 35% کا فرق آیا ہے۔ ہر سال اس دوران گندم کی قیمتوں میں کافی کمی آتی ہے اور فصل کی وجہ سے ہوتا ہے لیکن آج سے چھ مہینے بعد پھر کیا پوزیشن ہو گی، ہم سب کو پتا ہے۔ انہوں نے comparison اس طریقے سے کیا ہے کہ پچھلے سال مارچ کا اور اس سال ابھی کا کیا ہے۔ اس طرح کی چیزیں ہیں، اس کو آپ technically جس طرح بھی present کریں لیکن ہمیں پتا ہے کہ ملک میں پچھلے دو تین سالوں میں چیزوں کی قیمتوں میں جو فرق آیا ہے، اس حوالے سے آپ کیا کریں گے؟ جو imported چیزیں ہیں، وہ تو ہمیں پتا ہے کہ وہ dollar rate کی وجہ سے مہنگی ہیں اور وہ آپ واپس کر نہیں سکتے۔ اب آپ لوگوں کو کیا سہولت دیں گے خاص طور پر کھانے پینے کی چیزیں جو مہنگی ہو گئی ہیں۔ Cooking oil سب سے زیادہ ضروری ہے، اس کی قیمت میں تو صرف پانچ، چھ فیصد کا فرق آیا ہے۔ یہ ذرا بتائیں کہ آپ ان چیزوں کی قیمتوں میں کمی کیسے لے کر آئیں گے؟

جناب قائم مقام چیئر مین: جی علی پرویز صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: بہت شکریہ، جناب چیئر مین! معزز سینیٹر صاحب نے جس مسئلے کی نشان دہی کی ہے، میں سب سے پہلے تھوڑی سی اصلاح یہ کر دوں بلکہ خوش خبری دے دوں کہ میرے خیال میں انہوں نے جب سوال داخل کروایا تھا، اس وقت مہنگائی 9.6% کے قریب تھی۔ ستمبر کے مہینے میں شہباز شریف صاحب کی حکومت کی جو governance and management ہے،اس میں وہ 7% پر آئی تھی۔ آج جو اکتوبر کےnumbers جاری کیے جائیں گے تو اس میں اور زیادہ کمی نظر آئے گی۔ میں ایک یہ گزارش کر دوں۔

جناب! دوسری بات یہ ہے کہ مہنگائی کی جو شرح ہوتی ہے، یہ قیمتوں کے بڑھاؤ کی رفتار کے بارے میں کہتے ہیں اور جس کی وجہ سے مہنگائی جنم لیتی ہے، ایک سیکنڈ کے لیے میں سینیٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ اس پر بھی نظر ثانی کر لیں کہ جب ریکارڈ خسارے چھوڑ کر گئے تھے تو اس کے بعد مہنگائی چالیس فیصد تک گئی تھی۔ اس حکومت کے اقدامات کے بعد وہاں سے سات فیصد تک آئی ہے۔

جہاں تک انہوں نے ریکارڈ کی بات کی کہ وہ2022 سے اشیاء کی قیمتیں دیکھنا چاہتے ہیں تو میں ان کو ریکارڈ مہیا کر دوں گا لیکن حکومت کو عام عوام کی تکلیف کے بارے میں احساس بھی ہے اور اس کے لیے ہر قسم کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ پچھلا سال، جس کا اب اختتام ہوا ہے، پاکستان کی recent تاریخ میں وہ پہلا سال ہے جس میں حکومت کی اپنی آمدنی اور اخراجات کے درمیان جو balance ہے،اس میں primary surplus حاصل کیا ہے۔ اگر آپ کے خسارے قابو میں ہوں گے تو آپ کو نوٹ یا قرضے لے کر مہنگائی نہیں کرنی پڑے گی۔ ان ساری چیزوں پر کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے آئی ایم ایف کی شراکت داری کے ساتھ کرنسی پر بھی جو بات کی تو وہ بالکل ٹھیک کہا۔ وہاں پر آپ کو macroeconomic stability نظر آتی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت اس تکلیف کو کم کرنے کے لیے بے پناہ کام کر رہی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ BISP میں record allocation کی ہے کہ جو کمزور ترین لوگ ہیں، ان کو ہم کس طرح سے تحفظ مہیا کرنا چاہتے ہیں۔ ہر صوبائی حکومت چاہے وہ خیبر پختونخوا کی ہو یا سندھ کی، جو غریب ترین لوگ ہیں، جو vulnerable segments ہیں، ان کے تحفظ کے لیے اقدامات اٹھاتے ہیں۔

ان شاء اللہ مل کر اس مشکل وقت سے بھی پاکستان کو نکالیں گےاور ان شاءاللہ آ گے بہتری کا وقت آئے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس حوالے سے کوئی اور ضمنی سوال ہے؟ سوال نمبر 49-E, ذیشان خانزادہ صاحب۔

*Question No. 49-E Senator Zeeshan Khanzada: Will the Minister for Industries and Production be pleased to state:

(a) the details of companies being issued licenses so far for the import of electric vehicles in the country including its raw material indicating also the countries from which the same will be imported; and

(b) the procedure / mechanism currently in place for issuing import licenses for the electric vehicles?

Rana Tanveer Hussain: (a)

- Under SRO 656(I)/2006 dated 22-06-2006 and Fifth schedule of Customs Act 1969 (Annex-A), Engineering Development Board has been mandated for issuance of assembling/ manufacturing certificate for vehicles including electrical vehicles and allow import of Complete Knock down (CKD) / parts under the said Concessionary regime to OEMs.
- EDB issued 51 assembling/manufacturing certificates to produce two/three-wheeler EVs (motorcycles and rickshaws) in Pakistan. (List attached as Annex-B) while two companies M/s Eco Green Motors Pvt Ltd and M/s Regal Automobile Pvt Ltd have been issued

assembling/ manufacturing certificate to produce EV 4-wheelers in Pakistan.

- M/s Sazgar Engineering Works, Hyundai Nishat Motors, and Indus Motor Company have launched locally assembled hybrid vehicles.
- Complete Knock Down vehicles & parts are being imported by these OEMs from multiples sources including China, Thailand, Japan etc. depending upon commercial/financial feasibility.
- Further, new vehicles/Complete Built Units (CBUs) of any type i.e. conventional and electric are being imported in the country at commercial rate of duty and as per Import Policy Order 2022. The import of CBU vehicles/ electrical vehicles do not fall under the ambit of MOI&P/ EDB.

(b) Requirements for issuance of manufacturing/assembling certificate under SRO 656(I)/2006 dated 22-06-2006 and Fifth schedule of Customs Act 1969 is attached at Annexure-C for reference. Import licenses for electrical vehicles are not issued by the Ministry of Industries and Production or its attached department.

(Annexures have been Placed in Senate Library and on
Table of the
mover / concerned Member)

جناب قائم مقام چیئرمین: کیاآپ کوئی ضمنی سوال پوچھنا چاہیں گے؟

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! اس سوال میں پوچھا گیا ہے کہ جتنے بھی electric vehicles ہیں، ان کے حوالے سے کون کون سے manufacturing plants ہیں، ان

کی تفصیل فراہم کی جائے۔ جو imported ہیں، ان کی بھی detail دی جائے۔ انہوں نے کچھ تفصیل دی ہے لیکن وزیر صاحب سے ضرور میرا سوال یہ ہوگا کہ اس سوال کا اصل مقصد یہ ہے۔۔۔

Mr. Acting Chairman: Order in the House. Aimal Sahib, please. Yes.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: شکریہ، جناب چیئرمین! اس سوال کا اصل مقصد یہ ہے کہ industry سے زیادہ non-electric vehicles کا ماحول پر اتنا اثر پڑ رہا ہے۔ پورے ملک میں آلودگی بڑھ رہی ہے۔ ابھی جو تفصیل آئی ہے، اس میں بتایا گیا ہے کہ دو کمپنیاں بنا رہی ہیں اور انہوں نے تقریباً 51 certificates issue کیے ہیں جن میں two-wheeler and three-wheeler ہیں جیسے کہ رکشے اور موٹر سائیکلز ہیں، ان کے ابھی licenses issue کیے گئے ہیں۔ ہمیں تفصیل بتائیں کہ ان کمپنیوں نے کوئی production کی ہے یا نہیں کیونکہ مارکیٹ میں ہمیں as such ان گاڑیوں کے بارے میں نہیں پتا کہ ان کی قیمتوں پر کتنا فرق پڑا ہے۔ آئندہ ان کے لیے کیا لائحہ عمل ہے۔ اگر وزیر صاحب ذرا یہ بھی ہمیں بتائیں کہ آپ نے electric vehicles کے لیے licences تو دے دیے ہیں لیکن آگے اس کا کیا ہوگا؟ بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی رانا تنویر حسین صاحب۔

رانا تنویر حسین: شکریہ، جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ جواب کافی تفصیل سے لکھا ہوا ہے لیکن اس کے باوجود میں ان کو دوبارہ brief کر دیتا ہوں۔ 51 licences for two-wheeler and three-wheeler issue کیے گئے ہیں۔ ان کی production بہت زیادہ ہے اور بڑے popular ہیں۔ اس سلسلے میں جو production کی بات کر رہے ہیں، ہم three-wheeler بہت زیادہ ممالک کو برآمد بھی کر رہے ہیں اور یہ باہر ممالک میں بہت popular ہیں۔

اسی طرح 2 licences, electric vehicles کے لیے issue کیے ہیں۔ ان کمپنیوں کے نام بھی لکھے ہوئے ہیں: ایک ایکو گرین موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ ہے اور دوسری میسرز ریگل آٹو موبائل پرائیویٹ لمیٹڈ ہے۔ ابھی دیوان والوں نے چھوٹی گاڑی rollout کی ہے لیکن باقی process میں ہیں۔ ان شاء اللہ مستقبل قریب میں وہ بھی مارکیٹ میں آ جائیں گی۔ بہت سارے

لوگ electric vehicles import کر رہے ہیں، اس میں کچھ concessions ہیں، وہ اسی لیے کر رہے ہیں جس کا انہوں نے ذکر کیا ہے کہ آلودگی ہےاور جس طرح ہم green economy کی طرف جا رہے ہیں، یہ اس پر بہت زیادہ focussed ہیں۔ وزیراعظم صاحب EVs پر بہت زیادہ focus کر رہے ہیں۔ جس طرح solarisation پر ان کا focus ہے کہ ہمیں solarisation پر جاناہےاور اس پر بہت زیادہ کام ہورہاہے۔ اس وقت بجلی کی کافی percentage ہم solarisation سے پوری کر رہے ہیں۔

اسی طرح ہم electric vehicles کی ایک پالیسی with special concession ان شاءاللہ 30 نومبر تک لے کر آرہے ہیں۔ جو four-wheeler problem ہے،اس حوالے سے میں معزز سینیٹر صاحب کو بتاناچاہتاہوں کہ جو زیادہ استعمال میں نہیں آرہی،اس کے لیےinfrastructure کی کمی ہے کیونکہ ہمارے پاس charging stations نہیں ہیں۔ اس کے لیےجو پالیسی ہم لارہے ہیں،اس کے تحت موٹرویز پر immediately forty charging stations on clear sites select کر لیے ہیں۔ بجلی کا tariff بہت زیادہ ہونے کی وجہ سے charging station کا issue تھا،اس وجہ سے لگاناviable or feasible نہیں تھا۔ اب ہم اس پر بھی ایک fix tariff rate لے کر آئے ہیں جو بڑا معمولی ساہے،viable ہےاور acceptable ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ forty charging stations بھی لگ جائیں گے۔ یہ کارخانے manufacturing بھی شروع کردیں گے۔ باقی 31 کمپنیوں نے four-wheeler vehicles بنانے کے لیےلائسنس جاری کرنے کے لیےapply کیاہے۔ وہ بھی process کر رہے ہیں۔ہم ان کو بھی encourage کر رہے ہیں کہ زیادہ کمپنیاں آئیں اور EVs بنائیں کیونکہ مستقبل ہم اسی کا دیکھ رہے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اس وقت ہماری جو auto-mobile cars استعمال میں ہیں اور electric vehicles کے درمیان جو hybrid ہیں ہم نے اس کو بھی پالیسی میں حصہ بنایا ہے، جس کو ہم hybrid plugin کہتے ہیں کہ hybrid تو اس وقت بن رہی ہے لیکن plugin system بھی اور hybrid بھی ساتھ ہی لارہے ہیں تاکہ وہ دونوں purpose کے لیے بھی استعمال ہو سکے۔ یعنی electric پر بھی

چلی جائے اور hybrid پر بھی وہ کام کرتی رہے۔ تو میرا خیال ہے کہ آنے والی پالیسی جب 30 نومبر تک آئے گی تو ان شاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ یہ جو تھوڑا سا passion ہے کہ electric vehicles پر جانا ہے۔ گورنمنٹ پہلے ہی اس پر کام کر رہی ہے اور بہت زیادہ focus ہے اس گورنمنٹ کا اور شہباز شریف صاحب کا اور ان شاء اللہ آنے والے دنوں میں آپ اس میں بہت زیادہ تیزی دیکھیں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: باقی سوالات کے حوالے سے ممبران موجود نہیں ہیں۔ ابھی ایوان میں پیش کیے گئے باقی سوالات، ان کے چھاپے گئے جوابات جو ایوان کے میز پر رکھے ہوئے ہیں پڑھے ہوئے تصور کیے جاتے ہیں[2]۔

*Question No. 49-B Senator Danesh Kumar: Will the Minister for Planning, Development and Special Initiatives be pleased to state the details of on-going development projects under the PSDP in Balochistan indicating also the date of approval, initial estimated cost, revised estimated cost, percentage of work done, expenditure incurred so far and expected date of completion of each of the same?

Mr. Ahsan Iqbal Chaudry: Currently, there are a total of 200 ongoing PSDP projects in Balochistan, with an estimated cost of Rs. 1,429 billion. An expenditure amounting to Rs. 381.2 billion has been reported as of June 30, 2024. An amount of Rs. 130 billion has been earmarked for these projects in the PSDP for 2024-25.

These projects are at various stages of implementation by respective Federal Sponsoring Ministries/Divisions and Provincial Government. Details of these projects are attached as Annex-I.

[2] [*The question hour is over. The remaining questions and their printed replies placed on the Table of the House shall be treated as read*]

(Annexure has been Placed in the Senate Library and on Table of the mover / concerned Member)

*Question No. 49-G Senator Samina Mumtaz Zehri: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:

(a) the details of Income Tax Slab/s on the income of middle or lower income groups of the population during the FY 2024-25, 2023-24, 2022-2023, 2021-2022, and 2021-20 separately; and

(b) the details of Tax Slab/ percentage rate of all forms of Indirect Taxes besides income tax on the middle and lower income groups of the population at present indicating the details of taxes on purchasing of goods and properties separately?

Sentor Muhammad Aurangzeb: (a) The tax slabs applicable for lower income group for last five years are attached as Annex-I and tax payable by lower income group on specific amounts for the last five years is attached as Annex-II.

Sales Tax:

(b) Sales tax whether leviable on percentage or fixed basis is chargeable as detailed below irrespective of any income group of the population:

(i) The standard rate of sales tax is 18% except goods mentioned under the Fifth and Sixth Schedule to the Sales Tax Act, 1990 which are zero-rated and exempted from sales tax, respectively (Annex-III & IV).

(ii) Furthermore, goods mentioned under the Eighth Schedule to the Sales Tax Act, 1990 are chargeable at reduced rate as specified therein (Annex-V) and Tenth Schedule to the Sales Tax Act provides fixed tax regime for bricks kilns and concrete blocks manufacturers (Annex-VI).

(iii) Value addition tax at import stage is chargeable @ 3% on commercial imports in terms of Twelfth Schedule to the Sales Tax Act, 1990. However, certain exclusions have also been provided as specified therein (Annex-VII).

Federal Excise:

Federal excise duty is chargeable on supply of goods, provisions of services and transfer of property as specified under Table, I, II and III of the First Schedule to the Federal Excise Act, 2005 respectively. The rate of federal excise duty chargeable on each category of goods, services and transfer of property has been specified in the said Tables (Annex-VIII).

(Annexures have been Placed in Senate Library and on Table of the
mover / concerned Member)

*Question No. 49-H Senator Agha Shahzaib Durrani: Will the Minister for Planning Development and Special Initiatives be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to launch Mass Transit Transport facility in Quetta in collaboration with Provincial Government, if so, the detail thereof?

Mr. Ahsan Iqbal Chaudry: The provisioning / development of the Mass transit and the Metro Bus system in urban centers is a Provincial subject.

However, in case of the Quetta, for the Development of the Mass Transit Public Transport System, a PC-II for carrying out feasibility study was approved by the CDWP on 29-06-2022 at the Cost of Rs. 100 million to be funded though PSDP. The project has been allocated funds in the PSDP 2024-25 at Sr. No. 262 with allocation of Rs.50 million.

**"UN-STARRED QUESTIONS AND THEIR REPLIES"**

Question No. 8 Senator Haji Hidayatullah Khan: Will the Minister for Science and Technology be pleased to state the details of the Board of Directors of PSQCA, indicating also the details of meetings of the Board, along with Agenda and decisions during the last 2 years?

Dr. Khalid Maqbool Siddiqui: As per the Act of Pakistan Standards and Quality Control Authority (PSQCA) the detail of the Board of Directors of PSQCA is as under:-

| | | |
|---|---|---|
| a. | Minister for Science and Technology, Government of Pakistan | Chairman |
| b. | Director General of the Authority | Vice-Chairman |
| c. | Deputy Director General (Finance) of the Authority | Member |
| d. | Deputy Director General (Standards Development) of the Authority | Member |
| e. | Deputy Director General (Quality Control) of the Authority | Member |
| f. | Deputy Director General (Technical Services) of the Authority | Member |
| g. | A representative of the Ministry of Commerce, Government of Pakistan | Member |
| h. | A representative of the Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry | Member |
| i. | Secretary of the Authority | Member/Secretary |

2. During the last two years, seven (07) meetings of the Board of Directors of PSQCA were held. However, one BoD meeting (28th BoD) scheduled on 12th January, 2024 was postponed without any decision on the agenda. The detail regarding agenda of the meetings and decisions taken by the Board of Directors of PSQCA is attached as per the following Annexures:-

| Meetings | Date | Annexures |
|---|---|---|
| 24th BoD Meeting | 28th Nov, 2022 | Annex-I |
| 25th BoD Meeting | 20th June, 2023 | Annex-II |
| 26th BoD Meeting | 2nd August, 2023 | Annex-III |
| 27th BoD Meeting | 22nd Nov, 2023 | Annex-IV |
| 28th BoD Meeting | 12th January, 2024 | Meeting was postponed |
| 29th BoD Meeting | 24th January, 2024 | Annex-V |
| 30th BoD Meeting | 27th April, 2024 | Annex-VI |

(Annexures have been Placed in Senate Library and on Table of the
Mover / Concerned Member)

Question No. 8-A Senator Haji Hidayatullah Khan: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state whether it is a fact that companies namely M/s Shelter and Shelter, Pakistan Overseas Housing and Shalimar Housing Scheme Islamabad have been registered in the name of same person in violation of rules and regulations of SECP, if so, the details and reasons thereof?

Senator Muhammad Aurangzeb: Mr. Javaid Hussain Kiyani son of Muhammad Arif, holding CNIC 61101-1804321-7, holds common directorship/ shareholding in both M/s Shelter and Shelter (Pvt.) Limited and Shalimar Town (Pvt.) Limited.

It may please be apprised that no company by the name of “Pakistan Overseas Housing” or “Shalimar Housing Scheme Islamabad” is registered with the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

It is important to note that there is no restriction under the Companies Act, 2017, read with the Companies Regulations, 2024, on an individual holding directorship or shareholding in more than one company. Therefore, no individual violates the law by registering more than one company with the SECP.

Question No. 8-B Senator Haji Hidayatullah Khan: Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to refer to un-starred senate questions 6 replied in Senate on 02-01-2024 and to state whether any action has been taken by the SECP against the violations on part of the said

housing company resulting in withdrawal of the NOC by the CDA?

Senator Muhammad Aurangzeb: The housing and real estate sector being a provincial subject is governed by the respective provinces under their prevailing laws. The SECP role is limited to the extent of incorporation of companies and to regulate the corporate affairs under the Companies Act 2017.

جناب قائم مقام چیئرمین: چھٹی کے درخواستیں ہیں؟ آرڈر نمبر 21 سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

**Laying of the Supreme Court (Practice and Procedure) (Amendment) Ordinance, 2024**

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law and Justice): Mr. Chairman, I wish to lay before the Senate of Pakistan the Supreme Court (Practice and Procedure) (Amendment) Ordinance, 2024 (Ordinance No. VIII of 2024), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. Sir! I lay the Ordinance, mention at serial No. 21 called Practice and Procedure.

جناب قائم مقام چیئرمین: آرڈیننس پیش کر دیا گیا ہے۔اس سے پہلے کہ سینیٹ میں پیش کیا لہذا آئین کے Article 89 clause(3) Section B کے مطابق اس کو سینیٹ میں پیش کردہ rule کی صورت میں لیا جائے گا اور بل مطلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کیا جاتا ہے۔

Order No. 03, Motions, Senator Sherry Rehman, Chairperson, Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination to present the Ordnance.

جی منظور کاکڑ صاحب۔

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairperson, Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination regarding The Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024**

Senator Manzoor Kakar: I, on behalf of Senator Sherry Rehman, Chairperson, Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora Act, 2012 [The Pakistan Trade Control of Wild Fauna and Flora (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Shahadat Awan on 2nd September, 2024, may be extended for a period of sixty working days with effect from 1st November,2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی جاتی ہے)

جناب قائم مقام چیئرمین: آرڈر نمبر 22 سینیٹر ذیشان خانزادہ کے نام سے، جی ذیشان خان زادہ صاحب۔

**Calling Attention Notice raised by Senator Zeeshan Khan Zada regarding the recent reduction in interest rate by the State Bank of Pakistan**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: بہت شکریہ جناب چیئرمین! ہمارے ملک میں کافی عرصے سے انڈسٹری کو حکومت نے مکمل طور پر Neglect کیا ہے حالانکہ پاکستان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جی یہ ایک industrial economy ہے کیونکہ جس طرح سے ہمارے پورے ملک میں textile export اور باقی جو ہماری export oriented industries ہیں اس میں پاکستان کا پوری دنیا میں بہت بڑا نام ہے۔ لیکن ابھی کافی عرصے سے اور پچھلے ایک دو

سالوں سے specifically جناب چیئرمین! جس طریقے سے interest rate میں اضافہ کر دیا گیا۔ جو ہماری انڈسٹری کی کوششیں تھیں اور جو وہ اس ملک کے لیے کرنا چاہتے تھے ان ساری چیزوں پرانہوں نے پانی پھیر دیا اور اس کو یہ کہا جاتا ہے کہ آپ کے جو interest rates ہیں وہ اسی لیے بڑھا دیے جاتے ہیں کیونکہ اس سے آپ کی economic activity کم ہوتی ہے اور آپ کے اوپر جو ہے تو inflationary pressures آپ کی products کے اوپرآپ کی economy کے اوپر وہ کم ہو جاتا ہے ۔تو اسی لیے پھر جب economic activity کم ہوتی ہے تو آپ کی۔

Mr. Acting Chairman: Order in the House, please.

سینیٹرذیشان خانزادہ: جب آپ کے interest rates میں کمی آتی ہے تو اس وجہ سے آپ کا inflation بھی کم ہو جاتا ہے اور آج جو اس سے پہلے بھی اس میں بات ہوئی ہے آج حکومت اگر یہ کہنا چاہ رہی ہے کہ جی ہم نے Inflation rate کم کیا ہے، میں دو تین وجوہات اس پر دوں گا زیادہ اس پر میں لمبی چوڑی بحث نہیں کروں گا۔بات یہ ہے جناب چیئرمین! کہ ہماری پاکستان کی economy جو ہے اس پر interest rates کی وجہ سے inflation سے اتنا فرق نہیں پڑتا۔ سب سے بڑا فرق ہمارے پاکستان میں جو inflation کا ہوتا ہے وہ آپ کے depreciation of rupee کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جب آپ کا ڈالر ریٹ بڑھتا ہےآپ کی import based economy ہے، آپ کی ساری چیزیں خود بخود مہنگی ہو جاتی ہیں۔ اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم interest rates بڑھائیں گے اور اس سے ہماری inflation کم ہو جائے گی تو ایسا نہیں ہے کیونکہ ہماری black economy بھی اس ملک میں اتنی زیادہ ہے کہ جو لوگ اپنا سرمایہ، جو اپنا کام چلا رہے ہیں، اس کا banking sector and financial system سے کوئی واسطہ ہی نہیں ہے ۔یہ کوئی امریکہ نہیں ہے جو

کہ ادھر آپ کے system financial business 90% کے ساتھ regulated ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی آپ سوال کریں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! Calling Attention ہے تو میں تھوڑا اپنے issue کے اوپر میں ذرا بات کرنا چاہوں گا اور Minister Sahib کے لیے میں کچھ ایک آدھ سوال بھی چھوڑوں گا لیکن بات یہ ہے کہ اگر ہم نے اپنی economy میں اور اپنی industries کے لیے کچھ in puts میں، اگر ہم نے ان کو کوئی چھوٹ دی ہوتی جیسے بجلی ہو گئی اور اس کے علاوہ آپ کے raw materials کے اوپر اگر ہم ان کو کوئی وہ دے دیتے۔ وہ چیزیں بھی ہم نہیں دے رہے اور interest rate کی وجہ سے ان کے اوپر financial cost بھی بڑھا دی ہے۔ اور پھر اپنے آپ کو بنگلہ دیش ، انڈیا اور چائنہ کے ساتھ compare کرنا چاہتے ہیں۔

جب چائنہ میں industrial boom آیا تھا تو انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس دو بڑی چیزیں ہیں۔ ایک تو ان کے پاس سستی بجلی تھی اور دوسری ان کے پاس جو ہے اپنی بڑی population جس کو کھپت کہتے ہیں، consumption ان کے پاس تھی۔ فری بجلی انہوں نے اپنی industry کو 20 سال کے لیے دی تھی، تب جا کر ادھر industrial boom آیا ہے ۔ پاکستان میں ہمارے پاس سب سے جو اچھی اور بڑی چیز ہے اور جس پر ہمیں ہم فخر ہے وہ ہماری population ہی ہے۔ ہمارے ہاں بھی اتنی کھپت ہے کہ اگر آپ یہ imports and financial cost اور یہ مسائل ہماری industry کے لیے حل کریں تو ہم خود بخود اپنی industries اتنی develop کر لیں گے کہ ہم پاکستان میں بھی بیچ پائیں گے اور باہر کے ملکوں میں بھی export کر پائیں گے لیکن افسوس تو یہ ہے کہ ہمارے ہاں وہ long terms polices نہیں ہیں اور اپنی comparisons تو ایسے ملکوں سے کرتے ہیں جن کی policies بیس بیس سال کے لیے ہوتی ہیں۔ ادھر تو یہ حال ہے کہ

آج ہماری commerce policy expire ہو گئی ہے اور اس کو ایک سال ہونے کو ہے اور ابھی تک کوئی tariff policy نہیں آئی۔

اس طرح auto industry کے حوالے سے منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ وہ November میں electric vehicle کے لیے policy لا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس حکومت کو اتنا وقت ہو چکا ہے لیکن ابھی تک electric vehicles پر کوئی policy نہیں دی گئی اور ہر چیز پر time پر time دیا جاتا ہے۔ کوئی policy تو دیں۔

میں زیادہ digress نہیں کروں گا لیکن جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں ہماری industry کو کچھ سہارا ملے اور ساتھ ساتھ حکومت کا revenue بھی بڑھے تو آپ کو economic activity کو ہر حال میں بڑھانا ہوگا۔ آپ foreign investors کو چھوڑ دیں، جب آپ کے local investors یہاں پر invest کریں گے تو وہ بھی خود بخود آ جائیں گے۔ جب آپ اپنے local investors کو banks کے ذریعے interest rates کو کم کر کے کچھ incentives دیں گے تو وہ اپنی industries کو بہتر حالت میں لے کر آئیں گے اور پھر foreign investors خود بخود آئیں گے۔

جناب چیئرمین! یہاں State bank نے جو interest rate اتنا زیادہ بڑھا دیا ہے، اس سے یہ فائدہ ضرور ہوا ہے کہ حکومت کو اس سال ڈھائی سو ارب روپیہ profit آیا ہے۔ Interest rates اتنے زیادہ تھے کہ ملک کی تاریخ میں اتنا profit State bank کو اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا لیکن میں یہ بھی ساتھ ساتھ بتاتا چلوں کہ ہماری حکومت کی جو financial cost ہے، جو انہوں نے بنکوں کو سود واپس دینا ہے وہ اس سے کئی گنا زیادہ ہے۔ ان high interest rates کا جواب حکومت کو دینا پڑے گا، اس کا نقصان زیادہ ہے اور اس کا حکومت کو فائدہ کم ہی ہے۔ تو جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں interest rates کو بڑھانا یا ان کو اس وقت، اس level پر اتنا زیادہ رکھنا کوئی فائدہ مند نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: وقت زیادہ ہو گیا ہے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جی جناب چیئرمین! صرف دو منٹ دیں، میں conclude کر رہا ہوں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ interest rate کو جو کہ اس وقت پندرہ یا سولہ فیصد پر چل رہا ہے، اس کو کم کر کے single digit پر لے کر آئیں۔ ساری industries, سارے chambers and federations بار بار، چلا چلا کر حکومت کو کہہ رہے ہیں کہ اس میں آپ ہمیں تھوڑا سا مستفید کریں۔ اب منسٹر صاحب ہمیں صرف یہ بتا دیں اور timeframe دے دیں کہ یہ مہینے بعد ہو گا یا دو مہینے بعد۔ ہمیں یہ نہ بتائیں کہ ہم اس کو single digit میں لے کر آ رہے ہیں بلکہ یہ بتائیں کہ کب لے کر آئیں گے۔ بس یہ ہمیں بتا دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی پرویز ملک صاحب۔

**Mr. Ali Pervaiz Malik (State Minister for Finance)**

جناب علی پرویز ملک: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ محترم سینیٹر صاحب نے جس مسئلے کی نشان دہی کی ہے، اس پر تو کوئی شک نہیں ہے کہ جب شرح سود بڑھتا ہے تو کاروباری لاگت بڑھتی ہے اور اس کے مسائل اپنی جگہ موجود ہیں اور اس کے اثرات economic activity پر بھی ہوتے ہیں۔ لیکن میں نہایت عاجزی کے ساتھ یہ گزارش کروں گا کہ ہمیں شاید آج بیماری پر بحث کرنے کی ضرورت ہے بنسبت اس کے کہ ہم اس کی علامات پر بحث کرتے رہیں۔ تو ابھی محترم سینیٹر صاحب کا اپنا ہی سوال تھا جس میں بیماری، یعنی مہنگائی میں اضافہ ہوا تھا اور اس پر حکومت نے کس طرح سے قابو پایا؟ اس پر ہم نے ایک بھرپور بحث بھی کی اور اس پر جو اقدامات کیے گئے ان میں سے یہ ایک اقدام بھی تھا کہ آپ نے کس طرح اس مہنگائی پر قابو پایا۔ تو یہ میری پہلی گزارش تھی۔

دوسری بات یہ کہ اسی ایوان نے State bank کو خود مختاری دیتے ہوئے ایک Bill pass کیا تھا جس میں اب interest rate setting State bank کے زمرے میں آتی ہے۔ مجھے یہاں آپ کے سامنے یہ حقائق پیش کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ جیسے جیسے یہ مہنگائی نیچے آنی شروع ہوئی ہے، State bank نے بھی اپنی monitory policy کو recalibrate کرتے ہوئے interest rates کو نیچے لانا شروع کر دیا ہے۔ اب میں اس کی آپ کو مثال دوں اور جیسے کہ ہمارے محترم سینیٹر صاحب نے private sector کی تکالیف کا ذکر کیا ہے، تو جب 13 September کو شرح سود گرنی شروع نہیں ہوئی تھی اور State

bank نے اپنا discount rate گرانا نہیں شروع کیا تھا، تو اس وقت چھ مہینے کا KIBOR کا rate چوبیس یا پچیس فیصد تھا اور آج جب میں یہاں آپ کے سامنے کھڑا ہو کر ان کے سوال کا جواب دے رہا ہوں تو وہ rate گر کر ساڑھے تیرہ فیصد ہو چکا ہے۔ Monday کو State bank دوبارہ MPC کرنے جا رہا ہے اور اس سلسلے میں independent commentary اور بحیثیت معیشت کے طالب علم کے میں یہاں آپ کو confidence کے ساتھ کہہ سکتا ہوں اور محترم سینیٹر صاحب کو بھی یہ معلوم ہے کہ چونکہ مہنگائی کم ہو رہی ہے تو Interest rate اور بھی کم ہوتا جائے گا اور آپ کا yield curve جو کہ interest rate کی direction بتاتا ہے، وہ آج بھی inverted ہے۔

اگر چھ مہینے کا KIBOR آج ساڑھے تیرہ فیصد ہے اور بارہ مہینے کا KIBOR 13.4 percent ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ market کو بھی تسلی ہے کہ حکومت نے جو دیر پا اقدامات کیے ہیں، ان سے مہنگائی پر قابو پا لیا گیا ہے اور ان شاء اللہ آگے بھی interest rate مرحلہ وار کم ہوتا جائے گا۔ میں ان کو یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ private sector کو engine of growth بنانے کے لیے اس کے علاوہ بھی جو اور اقدامات بھی لینے ہوں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ حکومت ان پر بھرپور انداز میں کام کرے گی۔ بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اس سے پہلے کہ میں OrderNo.04 لے لوں، چونکہ آج دیوالی ہے تو میں اپنی اور پورے ایوان کی طرف سے دیوالی کے اس موقع پر تمام ہندو برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ دنیش کمار صاحب! اگر آپ اس پر ایک دو منٹ کچھ بولنا چاہیں تو مختصراً بول سکتے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: میں منسٹر صاحب سے کچھ کہنا چاہتا تھا لیکن وہ چلے گئے ہیں۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ مجھے آج تھوڑا زیادہ بولنے کا موقع دیں چونکہ آج special occasion ہے اور ہماری عید ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اگر آپ نے تفصیل سے بات کرنی ہے تو میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ تمام دیوالی کے حوالے سے بات business کے بعد کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: ٹھیک ہے جناب۔ آپ پہلے business لے لیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: .Order No.04 سینیٹر تاج حیدر صاحب تحریک پیش کریں۔ جی، آپ ان کے behalf پر بات کریں۔

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion moved against SSP Kashmore District Kandhkot**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Senator Taj Haider, Chairman, Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Saifullah Abro against SSP Kashmore District Kandhkot, may be extended for a period of thirty working days with effect from 28th October, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: میں اب یہ تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ .Order No.05 سینیٹر تاج حیدر صاحب تحریک پیش کریں۔ سینیٹر دوست علی جیسر آپ ان کے behalf پر تحریک پیش کریں۔

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges on a Privilege Motion regarding an article published in Dawn Newspaper**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Senator Taj Haider, Chairman, Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for

presentation of report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Saadia Abbasi regarding an article published in Dawn Newspaper, may be extended for a period of thirty working days with effect from 8th November, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: میں اب یہ تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ Order No.06. سینیٹر عمر فاروق صاحب۔ اگر اس کمیٹی کا کوئی اور ممبر موجود ہے تو وہ عمر صاحب کے behalf پر پیش کرے۔

جی، سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ۔

**<u>Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum on [The Pakistan Minerals Regulatory Authority Bill, 2024]</u>**

Senator Saadia Abbasi: I, on behalf of Senator Umer Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill to provide for the establishment of the Pakistan Minerals Regulatory Authority [The Pakistan Minerals Regulatory Authority Bill, 2024], introduced by Senator Mohammad Abdul Qadir on 19th February, 2024, may be extended for a period of sixty days with effect from 31st October, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: میں اب یہ تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ Order No.07. سینیٹر عمر فاروق صاحب، وہ موجود نہیں ہیں تو ان کے behalf پر سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ! آپ Order No.7 move کریں۔

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum on inordinate delay in the project of provision of gas supply to Tehsil Gulistan, Qila Abdullah**

Senator Saadia Abbasi: I, on behalf of Senator Umer Farooq, Chairman, Standing Committee on Petroleum, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Calling Attention Notice regarding inordinate delay in the project of provision of gas supply to Tehsil Gulistan, Qila Abdullah, may be extended for a period of sixty days with effect from 29th October, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ سینیٹر عمر فاروق صاحب، وہ موجود نہیں ہیں تو ان کے behalf پر سینیٹر سعدیہ عباسی صاحبہ! آپ Order No.8 move کریں۔

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Petroleum on proposed Privatization of Pakistan Minerals Development Corporation (PMDC)**

Senator Sadia Abbasi: I, on behalf of Senator Umer Farooq ,Chairman, Standing Committee on Petroleum, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012,

that the time for presentation of report of the Committee on a Point of Public importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding proposed Privatization of Pakistan Minerals Development Corporation (PMDC), may be extended for a period of sixty days with effect from 3rd November, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب! آپ Order No.9 پیش کریں۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب! ہم for a period of sixty days extension of time مانگ رہے ہیں۔ یہ Order Nos.9 to 16 motions ہیں، اگر آپ اجازت دیں تو میں ان کو club کر دوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی آپ club کر دیں۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: میں ان کا ذکر کر دیتا ہوں۔

**<u>Motions under Rule 194 (1) moved by Chairman, Standing Committee on Law and Justice, regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2024], The General Clauses Act, 1897, The Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 and The Family Courts (Amendment) Bill, 2024</u>**

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, hereby move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on Bills further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2024]. Amendment in Article 51, introduced by Senators

Manzoor Ahmed and Danesh Kumar. Amendment of Article 106 introduced by Senators Manzoor Ahmed and Danesh Kumar. Amendment, (Substitution of Article 140A and amendment of Article 160 introduced by Senator Khalida Ateeb. Amendment in the General Clauses Act, 1897 introduced by Senator Fawzia Arshad. Amendment of Articles 1, 51, 59, 106, 154, 175A, 198 and 218, of the Constitution of Pakistan introduced by Senator Aon Abbas. Amendment of the Supreme Court (Number of Judges) Act, 1997 introduced by Senator Mohammad Abdul Qadir and Amendment of Article 62 introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri and amendment of the Family Courts Act, 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024] introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri, may be extended for a period of sixty days with effect from dates mentioned herewith.

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب! Order Nos.9 to 16 club کیے جاتے ہیں۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب! میں نے سب کا briefly بتادیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: اب میں یہ سارے motions ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں اور اس کے حوالے سے سب سے متفقہ رائے لیتے ہوں۔

(تحریک منظور کی گئیں)

جناب قائم مقام چیئرمین: تحاریک منظور کی جاتی ہیں۔

سینیٹر فاروق حامد نائیک: جناب! آپ کا شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: آرڈر نمبر۔17 قائمہ کمیٹی کی رپورٹ زیر قاعدہ 195 پیش کی جائے ہے۔ سینیٹر فیصل سلیم رحمان صاحب، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ، وہ موجود نہیں ہیں تو کمیٹی کا کوئی رکن بیٹھا ہوا ہے۔ جی، سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب! آپ رپورٹ پیش کریں۔

**Presentation of the Report of the Standing Committee on Interior regarding [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui: I, on behalf of Senator Faisal Saleem Rehman Sahib, Chairman, Standing Committee on Interior, present report of the Committee on a Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860, the Code of Criminal Procedure, 1898 and the Qanun-e-Shahadat Order, 1984 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Fawzia Arshad on 1st January, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: جی رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔

(تحریک پیش کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: آرڈر نمبر۔18 قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کی جائے گی۔ جی سینیٹر تاج حیدر صاحب، وہ موجود نہیں ہے تو ان کے behalf پر سینیٹر دوست علی جیسر صاحب رپورٹ پیش کریں۔

**Presentation of the Report of the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding privilege motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Mr. Khalid Hamdani, CPO, Rawalpindi**

Senator Dost Ali Jessor: Thank you sir. I, on behalf of Senator Taj Haider, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan, against Mr. Khalid Hamdani, CPO, Rawalpindi.

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، رپورٹ کی پیش کی جاتی ہے۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: اب Order No.19 قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کی جائے گی۔ سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب رپورٹ پیش کریں۔

**Presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Justice regarding [The Constitution (Amendment) Bill, 2021],**

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, hereby present report of the Committee on a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2021], introduced by Senator Saadia Abbasi on $27^{th}$ September, 2021 (Insertion of Article 25B).

جناب قائم مقام چیئرمین: رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: آرڈر نمبر 20 قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب! آپ رپورٹ پیش کریں۔

**Presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Justice, regarding [The Service Tribunals (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Farooq Hamid Naek: I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, hereby present report of the Committee on a Bill further to amend the Service Tribunals Act, 1973 [The Service Tribunals (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Shahadat Awan on 1st January, 2024.

جناب قائم مقام چیئرمین: رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: دیوالی کا موقع ہے اور سینیٹر دنیش کمار صاحب! آپ بات کریں۔

## Senator Danesh Kumar share his views on Diwali festival

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے پاکستان کی تمام ہندو برادری کو مبارک باد دی، میں آپ کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں اور آپ نے مجھے اس موقع پر بولنے کے لیے وقت دیا۔ جناب چیئرمین! دیوالی جسے دیپاوالی بھی کہا جاتا ہے، آج پاکستان سمیت پوری دنیا کی ہندو برادری بڑے جوش و خروش سے اپنا مذہبی تہوار منا رہی ہے۔ پاکستان کے کونے کونے میں جہاں بھی ہندو برادری موجود ہے، وہ اپنا مذہبی تہوار مکمل آزادانہ طور پر، کسی روک ٹوک کے بغیر منا رہی ہے۔ جناب والا! میں دیپاوالی کے حوالے سے کہوں گا کہ دیپاوالی کو روشنیوں کا تہوار بھی کہا جاتا ہے اور اسے فارسی میں عیدِ چراغاں بھی کہا جاتا ہے۔ دیپاوالی کا مطلب یہ ہے کہ اندھیروں میں روشنی کی جیت، برائی پر سچائی کی جیت، جہالت پر علم کی فتح، مایوسی پر امید کی فتح۔

جناب والا! جب بھگوان رام چندر جی کو ان کے والدین نے حکم دیا تھا، وہ شہزادے تھے لیکن وہ ان کے حکم کی تکمیل کے لیے چودہ سال بن باس میں گئے۔ اس بن باس کے دوران وہ بلوچستان کے جنگلوں میں بھی آئے تھے جہاں ہنگلاج ماتا کا تیرتھ آستان ہے۔ یہ ہندو برادری کے لیے بہت بڑا تہوار ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے لوگو سنو، مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ پرسوں محترمہ مریم نواز صاحبہ نے ہندو برادری سے مل کر یہ تہوار منایا۔ میں ان کی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتا لیکن میں انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارک باد دیتا ہوں۔ سندھ میں حکومتی سطح پر یہ تہوار پرجوش طریقے سے منایا جاتا ہے، بلوچستان میں یہ تہوار حکومتی سطح پر منایا جاتا ہے لیکن محترمہ مریم نواز صاحبہ نے پنجاب میں اس کی ابتداء کی ہے جس پر پاکستان اور پوری دنیا کی ہندو برادری ان کی شکر گزار ہے۔ جس طرح انہوں نے مذہبی ہم آہنگی کا پیغام دیا، میں بہت خوش ہوا کیونکہ وہ ہماری لیڈر ہیں۔ آج سے میں مریم نواز کو اپنی لیڈر مانتا ہوں۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر دنیش کمار: جناب والا! جس طرح بلوچستان میں دیوالی، کرسمس یا دوسرے تہوار منائے جاتے ہیں، مجھے آج افسوس ہو رہا ہے، پی ٹی آئی کے دوست بیٹھے ہوئے ہیں وہ گنڈا پور صاحب کو یہ ہدایت دیں کہ وہ اقلیتوں کے تہوار منائیں، میں پھر انہیں بھی لیڈر مانوں گا لیکن افسوس ہے۔۔

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار: میں اُدھر جا کر کیوں بیٹھوں؟ یہ میری seat ہے۔آپ کی ضرورت نہیں ہے، آپ چھپے ہوئے چور ہیں، آپ بھگوڑے ہیں ، بھاگ گئے ہیں۔ میں آپ کو بھگوڑے کا نام دیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: دنیش کمار صاحب! خوشی کا موقع ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب والا! خوشی کا موقع ہے، میں تو کہہ رہا ہوں کہ گنڈا پور صاحب بھی تہوار منائیں، میں انہیں بھی لیڈر مانوں گا۔ انہیں پتا نہیں کیوں [***] لگ جاتی ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: یہ [***][3] والا لفظ expunge کرتے ہیں۔ دنیش صاحب! خوشی کا موقع ہے، میٹھی میٹھی باتیں کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب والا! مجھے سمجھ نہیں آتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کو کیا تکلیف ہے، میں خوشی کے موقع پر بات کر رہا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! آپ اپنے وقت پر بولیے گا، اس طرح نہیں ہو گا، آپ کا جس وقت دل چاہتا ہے، آپ شروع ہو جاتے ہیں۔ جی۔ آپ میٹھی میٹھی باتیں کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: میں نے یہی کہا کہ میں گنڈا پور صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہاں بھی minorities ہیں ،انہیں دعوت دے کر ایک کیک کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہوتا۔ پتا نہیں ڈاکٹر صاحب میری بات نہیں سمجھے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین: براہ مہربانی آپ آگے چلیں۔

سینیٹر دنیش کمار: میری ان سے درخواست ہے کہ تین صوبے دیوالی کا function منا رہے ہیں تو چوتھے صوبے کو بھی اس میں شامل ہونا چاہیے۔ میں سیاست میں نہیں جانا چاہتا ہوں۔

---

[3] [*Words expunged as ordered by Mr. Acting Chairman*]

پاکستان کے بارے میں جہاں کہا جاتا ہے کہ مذہبی انتہا پسندی ہے، پاکستان کو بدنام کیا جاتا ہے تو میں اُن عقل کے اندھوں کو کہنا چاہتا ہوں کہ آپ آئیں اور دیکھیں کہ پاکستان میں اقلیتی برادری اپنے تہوار کس طرح مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ مناتی ہے۔ ہم پوری دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ پاکستان میں اقلیتی برادری آزاد ہے، قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان بننے سے ایک دن پہلے سندھ اسمبلی سے خطاب کیا تھا اور انہوں نے کہا تھا کہ ہندو اپنے مندر میں جانے کے لیے آزاد ہیں، Christians اپنے church میں جانے کے لیے آزاد ہیں، سکھ اپنے گوردوارے میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ آج وہ عملی طور پر ثابت ہو رہا ہے۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ بین المذاہب ہم آہنگی کی مثال آپ کو جس طرح پاکستان میں اور بالخصوص بلوچستان میں ملتی ہے، اس کی مثال آپ کو پوری دنیا میں نہیں ملے گی۔ بلوچستان میں ہنگلاج ماتا کا مندر ہے، وہاں سندھ اور پورے پاکستان سے سالانہ تقریباً دس لاکھ کے قریب یاتری آتے ہیں، وہاں کبھی کسی نے کوئی شکایت نہیں کی، وہ پرامن طریقے سے اپنی مذہبی عبادت کرتے ہیں۔ اس سے بڑی مذہبی آزادی اور کیا ہو سکتی ہے۔

جناب والا! میں اب یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کچھ لوگوں کے ذہنوں میں جو بھی غلط ہے، مجھے افسوس ہوتا ہے کہ کچھ پڑھے لکھے لوگ جب ایسی باتیں کرتے ہیں، مجھے جاہلوں کی پرواہ نہیں ہے، مجھے کبھی کبھار افسوس ہوتا ہے کہ جب انڈیا اور پاکستان کا میچ ہوتا ہے، میرے یہاں ایک colleague ہیں جو مجھے کہتے ہیں کہ دنیش آپ تو میچ میں انڈیا کی حمایت کرتے ہوں گے۔ میں نے کہا کہ دنیش کمار کی یہ دھرتی جنم بھومی ہے، پاکستان دنیش کمار کی ماں ہے اور کوئی غیرت مند بیٹا اپنی ماں کے خلاف نہیں جا سکتا۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر دنیش کمار: میرا دھرم مجھے کہتا ہے کہ جس دھرتی پر آپ نے جنم لیا ہے وہ آپ کی ماں ہے اور کوئی غیرت مند بیٹا کبھی بھی ماں کی بے عزتی برداشت نہیں کرے گا۔ میں کہتا ہوں کہ میرا دھرم مجھے سکھاتا ہے کہ اپنی ماں سے پیار کریں، اپنے وطن سے پیار کریں، میری رگ رگ میں اپنے ملک، اپنے وطن کے لیے ایک جذبہ ہے۔ خدانخواستہ اگر میری ماں، میرے وطن پر کوئی بُری نگاہ ڈالے گا تو دنیش کمار اُس بُری نگاہ والے کی آنکھیں نوچ لے گا۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر دنیش کمار: جناب والا! ہم اقلیت ہم وطن نہیں، ہم وطن کے بازو ہیں اور اپنی دھرتی ماں کے لیے ہر چیز کرنے کے لیے تیار ہیں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ، سینیٹر طلال چوہدری صاحب۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: میں ان کے بعد آپ کو موقع دوں گا۔ میں نے انہیں سمجھا دیا ہے کہ کمیٹی میں lay کریں، ایوان کا ماحول مت خراب کریں۔ جی طلال صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! پچھلے دنوں اسلام آباد میں ایک چڑھائی کی گئی اور اس کے بعد یہاں ایک صوبے کے وزیراعلیٰ۔۔۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: ان کے بعد آپ کو موقع دوں گا، ڈاکٹر صاحب اس طرح نہیں ہو گا۔ وہ الفاظ میں نے expunge کر دیے۔ جی طلال چوہدری صاحب۔

**Senator Muhammad Tallal Badar**

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے دیوالی پر تمام ہندو برادری کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ سینیٹر دنیش کمار نے اس خوشی کے موقع پر بہت اچھی تقریر کی ہے لیکن وہ ہمارے لیے اور باقی lobbies کے لیے مٹھائی یا کوئی چیز لے کر آئیں اور ہمیں کھلائیں۔ میں آپ کی توجہ ایک بات کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ پچھلے دنوں اسلام آباد پر ایک چڑھائی کی گئی جس میں خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ آئے۔ جن لوگوں نے یہ چڑھائی کی وہ گرفتار ہوئے، اس میں بہت سارے سرکاری ملازمین تھے، وہ سرکاری ملازمین کل ضمانت پر رہا ہوئے، آج latest خبر ہے کہ انہیں Chief Minister House میں بلایا گیا، ایک ہفتے کی چھٹی دی گئی، گلوں میں ہار پہنائے اور کہا کہ آپ کو one step above promotion دی جائے گی۔ یعنی آپ یہ روایت ڈال رہے ہیں کہ کوئی صوبے کا وزیراعلیٰ اٹھے، سرکاری گاڑیوں، ملازمین کو لے کر وفاق پر حملہ کرے۔ اس کے بعد اتنی بہادری سے KP کے وزیراعلیٰ لڑے کہ وہ جاتے ہوئے اپنی جوتیاں بھی چھوڑ گئے اور

تو اور مالِ غنیمت میں سرکاری گاڑیاں، اپنی ذاتی گاڑیاں، اپنے کارکن اور اس کے ساتھ عمران خان کی بہنوں کو بھی گرفتار کرواگئے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ جمعۃ المبارک کی آواز سنائی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، طلال چوہدری صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ اس بات کو وفاقی حکومت کو serious لینا چاہیے اور وہاں پر وفاق کے نمائندےChief Secretary ہیں اس طرح کی promotions وہاں پر اگر یہ چیزیں promote کریں گے تو کل کو کوئی بھی صوبہ اپنے وسائل سے آپ پر اور وفاق پر حملہ آور ہو سکتاہے۔ جناب قاضی فائز عیسیٰ صاحب برطانیہ گئے یہ پاکستان کے لیے ایک honour کی بات ہے۔ وہاں پر جس institution میں گئے جس طرح ان پر حملہ کیا گیامیںas a Pakistani سمجھتا ہوں کہ پوری دنیا میں پاکستان کا مذاق اڑایا ہے۔ انہوں نے یہ بتایا کہ وہ کس طرح کی تربیت اور اخلاق کے حامی ہیں۔ میں کہتا ہوں اس House میں اس بات کو condemn کرنا چاہیے اور اس طرح کی روایات کو ہماری سیاسی پارٹیوں کو بھی چاہیے جس میں پاکستان کا نام خراب ہوتا ہو کم از کم اتنی اخلاقی جرات دیکھائیں کہ ان گالیاں دینے والوں اور حملہ کرنے والوں کو انہیںname & shame کرنا چاہیے۔ جناب چیئرمین! میں یہی دو گزارشات کرنا چاہتا تھا۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی، ایک منٹ ڈاکٹر صاحب، جب میں آپ کو time دوں گا تو آپ بول سکیں گے، اس طرح تو نہیں بول سکیں گے۔ جی، دیوالی کے حوالے سے ندیم بھٹو صاحب بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں سینیٹر دنیش کمار صاحب کو دیوالی کی مبارکباد دینا چاہوں گا اور ساتھ ساتھ پورے پاکستان میں بسنے والی ہندو برادری کے بھائیوں کو دیوالی کی مبارک باد دیتا ہوں۔ جناب چیئرمین! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی میں جو ہندو دوست ہیں جب ان کی دیوالی یا کوئی تہوار آتا ہے تو وہ مٹھائی وغیرہ کے تحفے و تحائف exchange کرتے ہیں میں سینیٹر دنیش کمار صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ خالی مبارکباد سے کام نہیں چلے گا اتنا بڑا تہوار ہے۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین: سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب مختصر کریں۔

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جو آپ کے Senators ہیں،colleagues ہیں ان سب کو آپ کی طرف سے مٹھائی ہونی چاہیے۔ شکریہ!

**(مداخلت)**

جناب قائم مقام چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ میں آپ کو time دوں گا، ایسے نہیں دوں گا۔ بالکل ایسے نہیں دوں گا۔ جی، اس طرح بالکل time نہیں ملے گا۔ ایوان کی کارروائی کو بروز پیر 4 نومبر 2024 شام 4:30 تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 4th November, 2024 at 04:30 p.m.]*

------------------